حدیث توسلِ ضریر کی صحت پر ناقابلِ تردید دلائل

کیا حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے صحابہ کو وسیلہ کی تعلیم دی؟

تصنیف

امام عبداللہ الصدیق غماری

مولانا رسول بخش سعیدی

مفتی محمد خان قادری

بلی کیشنز۔ لاہور

حدیث توسلِ ضریر کی صحت پر ناقابل تردید دلائل

کیا حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے صحابہ کو وسیلہ کی تعلیم دی؟

تصنیف

امام عبد اللہ الصدیق غماری

ترجمہ

مولانا رسول بخش سعیدی

نظر ثانی

مفتی محمد خان قادری

حجاز پبلی کیشنز ۔ لاہور

نام کتاب	کیا حضور ﷺ نے صحابہ کو وسیلہ کی تعلیم دی ؟
تصنیف	امام عبد اللہ الصدیق غماریؒ
ترجمہ	مولانا رسول بخش سعیدی
نظر ثانی	مفتی محمد خان قادری
ناشر	حجاز پبلی کیشنز دربار مارکیٹ لاہور
زیر اہتمام	محمد اسلم شہزاد
بار اوّل	اپریل1999ء
تعداد	گیارسو1100
قیمت	

الاھداء

اس نابینا صحابی کے نام
جنہیں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے وسیلہ کی تعلیم
دیتے ہوئے یہ دعا سکھائی۔

اللھم انی اسئالک واتوجہ الیک بنبیک محمد
نبی الرحمۃ یا محمد انی اتوجہ بک الی ربی فی
حاجتی ھذہ لتقضی لی اللھم فشفعہ فی

(اے اللہ میں تجھ سے مانگتا ہوں میں تیرے نبی محمد نبی رحمت کے
وسیلہ سے تیری بارگاہ میں متوجہ ہو رہا ہوں۔ یا محمد آپ کے وسیلہ سے
اپنے رب کی بارگاہ میں یہ حاجت لے کر حاضر ہو رہا ہوں تاکہ میری
حاجت پوری کر دی جائے۔

(جامع ترمذی' ابواب الدعاء)

فہرست

صفحہ	عنوانات	نمبر شمار
۶۰	ترمذی کی شہادت	30
۶۲	حفاظ اور ناقدین کی شہادت	31
	کلام شارع میں اصل چیز جو واجب ہے-	32
	توسل پر تین اعتراضات	33
۶۵	فیصلہ کن جوابات	34
۷۷	خاتمہ	35
۷۹	غلطی نہیں کی	36
۸۰	غلطی کی ہے-	37
۸۳	ابن تیمیہ کی کتب تناقض سے مالامال ہیں-	38
۸۷	چوتھا مسئلہ	39
	تیسرا مسئلہ	40
۸۷	ہر صاحت شفاعت سے توسل جائز-	41
91	دو اہم باتیں-	42
۹۲	غیر انبیاء سے توسل-	43
۹۳	اس پر تصریح کی ہے-	44
۹۵	پانچواں مسئلہ -	45
	صلاحیت میں ضعیف ہے-	46

بسم اللہ الرحمن الرحیم

ابتدائیہ

مُفتی محمّدخان قادری

امت مسلمہ کا ہمیشہ سے یہ معمول رہا ہے کہ وہ بارگاہ الہٰی میں اللہ تعالی کے حبیب صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی ذات اقدس کو بطور وسیلہ پیش کرتے ہیں اس پر کتاب و سنت میں جو متعدد دلائل ہیں ان میں سے ایک اہم دلیل حدیث توسل ضریر (نابینا) ہے۔ ہمارے دور میں بعض اہل بدعت نے ذات نبوی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو وسیلہ ماننے سے انکار کرتے ہوئے کہا کہ یہ پیش کردہ حدیث ضعیف ہونے کی وجہ سے قابل استدلال نہیں پھر تمام اصول حدیث کو بالائے طاق رکھتے ہوئے اس حدیث کو ضعیف ثابت کرنے کے لئے سرتوڑ کوشش کی ایسے لوگوں کے بارے میں شیخ غماری نے خوب کہا۔

لهم مسلک عجیب! تراهم یستدلون لمایوافق مرادهم بالاحادیث ویغمضون عما فی بعضها من ضعف' ویدعمون مااستطاعوا ان یدعموه منها۔ فاذا صدموا بحدیث یرد رایهم۔ انحرفوا عنه وحاولوا تضعیفه جهد طاقتهم' ولم یقبلوا دعمه ولا تقویته' واصروا فی عناد علی التخلص منه' کفعلهم فی حدیث الضریر

(لیکن ان کا مذہب ہی عجیب ہے۔ ان کی خواہشات کے مطابق کوئی حدیث آ جائے تو ضعیف کیوں نہ ہو فوراً" قبول کر لیتے ہیں اور اسے قوی بنانے کے لئے پوری قوت صرف کر دیتے ہیں لیکن جب کوئی حدیث ان کی رائے سے ٹکراتی ہو اس کا انکار کر دیتے ہیں۔ اور اسے ضعیف قرار دینے میں ایڑی چوٹی کا زور لگا دیتے ہیں اور اس کی تقویت کے تمام دلائل کو رد کر دیتے ہیں۔ اور عناداً" اس کے خلاصی پر اصرار کرتے ہیں جیسا کہ انہوں نے حدیث "ضریر" میں کیا۔)

امام عبداللہ صدیق غماری رحمتہ اللہ علیہ نے اس حدیث کو روز روشن کی طرح صحیح ثابت کرنے کے لئے مکمل کتاب لکھی جس کا نام "غایه التحریر فی بیان صحة حدیث توسل الضریر" رکھا۔

ہمارے دوست علامہ رسول بخش سعیدی نے بڑی محنت سے اس کا ترجمہ کیا ہے۔ اور موصوف نے ہی شیخ غماری کی کتاب "نہایة الامال فی صحة وشرح حدیث عرض الاعمال" کا ترجمہ بھی کیا تھا جو "نگاہ نبوت اور مشاہدہ اعمال امت" کے نام سے ہم نے شائع کیا۔ جس میں واضح کیا گیا ہے کہ جس حدیث میں آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی خدمت میں امت کے اعمال پیش کرنے کا تذکرہ ہے وہ صحیح ہے اللہ تعالی مصنف اور مترجم کی سعی کو قبول فرماتے ہوئے امت میں پیدا کردہ غلط فہمیاں دور فرمائے۔

یاد رہے اہل بدعت نے زیارت بارگاہ نبوی اور توسل ذات نبوی کے حق میں پیش کردہ احادیث پر جو اعتراضات بھی کئے ان کا مسکت جواب محدث کبیر شیخ محمود سعید ممدوح دبئی نے "رفع المنارہ لتخریج احادیث التوسل والزیارہ" میں دیا ہے اس کا ترجمہ دو حصوں میں شائع ہو رہا ہے۔ قارئین سے گزارش ہے انہیں پڑھیں سمجھیں اور امت کے ہر فرد تک پہچانے کی کوشش کریں تاکہ امت افتراق و انتشار سے محفوظ ہو جائے۔

اسلام کا ادنی خادم

محمد خاں قادری

بروز جمعرات 12 بجے دن

حجاز ہیلی کیشنز لاہور

8 اپریل 1999ء

بسم اللہ الرحمن الرحیم

اللھم لک الحمد حمداً کثیراً خالداً مع خلودک ولک الحمد حمداً لامنتھی لہ دون علمک' ولک الحمد حمدا لا منتھی لہ دون مشیئتک ولک الحمد حمدا لا اجر لقائلہ الا رضاک' ونسالک اللھم ان تصلی افضل الصلوات علی افضل المخلوقات واکمل الکائنات' سیدنا محمد عبدک ورسولک' وصفیک وخلیلک' الذی اعلیت منزلتہ واعظمت کرامتہ وقبلت شفاعتہ' وانلتہ من المنح والعطایا ما لم ینلہ احد من العالمین وارض اللھم عن آلہ الطیبین الطاہرین' وخیار صحابتہ من الانصار والمہاجرین اما بعد: اس مقالہ میں میں نے توسل الضریر والی حدیث کے متعلق گفتگو کی ہے اصول حدیث اور اس کے قواعد کے مطابق میں نے اس حدیث کی صحت کو بیان کیا ہے اور اس پر جو اعتراضات و سوالات کئے گئے ان کے جوابات دیئے پس یہ حدیث جن متعدد وجوہ سے توسل کے جواز پر دلالت کرتی ہے۔ انہیں احسن طریقہ سے واضح کیاہے۔ اس کے علاوہ بہت سارے فوائد و مباحث (جن کا توسل کے ساتھ تعلق و ارتباط ہے) کو ذکر کیا ہے میں نے اس کا نام "

غاية التحرير فی بیان صحة حدیث توسل الضریر "رکھا ہے۔ الحمدللہ میں نے اس جزو میں اس طرح طرق حدیث کو تکمیل کے ساتھ ذکر کیا ہے کہ اس سے پہلے کسی کتاب میں بھی اکٹھے اس طرح ہمیں نہیں ملیں گے۔ دراصل اس بحث کا باعث تحریر یہ ہوا کہ میں نے حدیث مذکور کے منکرین (جو وہابیہ نے نام سے موسوم ہیں) کو دیکھا جو بغیر علم و ثبوت کے اس حدیث کو ضعیف قرار دینے میں ایڑی چوٹی کا زور لگا رہے ہیں۔ وہ اتنے خبطی واقع ہوئے کہ حدیث رسول صلی اللہ علیہ وسلم کے خلاف دیدہ دلیری سے کام لینے لگے انہیں اپنے انجام بد کا بھی ڈر نہ رہا حالانکہ اللہ کے رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ہے (جسے میری حدیث پہنچی اور اس نے اسے ٹھکرا دیا تو اس نے تین چیزوں کا انکار کیا۔ ا۔ اللہ رب العزت کا ۲۔ اللہ کے رسول صلی اللہ علیہ وسلم کا ۳۔ اور اس حکم کا جو اسے حدیث کے ذریعہ دیا گیا) اسے طبرانی نے "اوسط" میں حضرت جابر بن عبداللہ رضی اللہ تعالی عنہ سے روایت کیا ہے اس کے سند میں محفوظ بن میسور ہے جسے ابن ابی حاتم نے ذکر کیا ہے لیکن انہوں نے ان کے بارے جرح و تعدیل کا ذکر نہیں کیا اور جس نے بغیر عذر مقبول کے صحیح حدیث کو رد کیا محدثین کہتے ہیں وہ فاسق ہے۔ لیکن وہابیہ کا تو مذہب ہی عجیب ہے۔ ان کی خواہشات کے مطابق کوئی حدیث آ جائے تو ضعیف کیوں نہ ہو فوراً قبول کر لیتے ہیں اور اسے قوی بنانے کے

لئے پوری قوت صرف کر دیتے ہیں لیکن جب کوئی حدیث ان کی رائے سے ٹکراتی ہو اس کا انکار کر دیتے ہیں۔ اور اسے ضعیف قرار دینے میں ایڑی چوٹی کا زور لگا دیتے ہیں اور اس کی تقویت کے تمام دلائل کر رد کر دیتے ہیں اور عناداً اس سے خلاصی پر اصرار کرتے ہیں جیسا کہ انہوں نے حدیث "ضریر" میں کیا انہوں نے اس کی سند میں کوئی کمزوری نہ پائی مگر "ابو جعفی" کے بارے امام ترمذی کی یہ بات کہ وہ غیر خطمی ہے اسے انہوں نے قابو کرلیا اور اسی پر جم رہے۔ تاکہ اسے کمزور قرار دے کر اسے رد کر دیں۔ لیکن انہوں نے امام ابن ابی خیثمہ، امام طبرانی، امام حاکم، اور امام بیہقی کی بات کی پرواہ نہ کی کہ ابو جعفر خطمی ہی ہے۔ اور نہ انہوں نے ابن تیمیہ کی طرف دیکھا جنہوں نے ان حفاظ حدیث کی تصدیق کی اور امام ترمذی کی بات کا رد کیا اس سے زیادہ تعجب کی بات اور کون سی ہو گی کہ خود امام ترمذی نے اس حدیث کو صحیح قرار دیا ہے اور خصوصاً منذری، ابن تیمیہ، امام ذہبی، علامہ ہیثمی اور امام سخاوی نے اس حدیث کو صحیح قرار دیا ہے یہ قبول حق سے تکبر و عناد کے سوا اور کچھ نہیں، جس پر رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کا ارشاد صادق آتا ہے۔ جب آپ صلی اللہ علیہ وسلم سے اس تکبر کے بارے پوچھا گیا جو متکبر کو دخول جنت سے روک دے گا تو آپ نے فرمایا الکبر بطر الحق وغمط الناس (تکبر حق کا انکار اور لوگوں کو حقیر جاننے کا نام ہے۔)

ہم اللہ رب العزت سے اپنے لئے اور ان کے لئے ہدایت اور توفیق کی دعا کرتے ہیں۔

ابوالفضل

عبداللہ محمد الصدیق الغماری عفی عنہ

بسم اللہ الرحمن الرحیم

حدیث کی تخریج اور اسناد کا بیان

امام ترمذی نے جامع کے ابواب الدعاء میں کہا کہ ہمیں محمود بن غیلان نے، انہیں عثمان بن عمر نے حدیث سنائی، اور انہیں شعبہ نے ابو جعفر سے اور انہیں عمارہ بن خزیمہ بن ثابت نے عثمان بن حنیف سے روایت کیا ہے کہ ایک نابینا آدمی نے بارگاہ رسالت صلی اللہ علیہ وسلم میں حاضر ہو کر عرض کیا کہ آپ اللہ رب العزت سے دعا مانگیں وہ مجھے عافیت عطا فرمائے تو رسالت ماب صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا صبر کر لو تمہارے لئے بہتر ہے وگرنہ تمہاری خواہش کے مطابق دعا کر دوں، اس نے عرض کیا یا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم دعا فرما دیں، تو آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے اسے حکم دیا جاؤ پہلے بہتر انداز سے وضو کرو پھر یہ دعا پڑھو اے اللہ میں تجھ سے عرض کرتا ہوں، اور تیرے نبی محمد صلی اللہ علیہ وسلم نبی رحمت کے وسیلہ سے تیری طرف متوجہ ہوتا ہوں۔ اے محمد صلی اللہ علیہ وسلم آپ کے وسیلہ سے اپنے رب کی بارگاہ میں یہ حاجت لیکر حاضر ہوتا ہوں کہ وہ حاجت پوری کر دی جائے۔ اے اللہ میرے بارے میں آپ کی شفاعت قبول فرما دعا کے الفاظ یہ ہیں۔

اللھم انی اسئالک و اتوجہ الیک بنبیک محمد نبی

الرحمة یا محمد انی اتوجه بک الی ربی فی حاجتی ھذہ لتقضی لی اللھم فشفعه فی

امام ترمذی نے فرمایا: اس سند سے یہ حدیث صحیح حسن غریب ہے۔ یہ حدیث ابو جعفر کے واسطہ سے ہے اور وہ غیر خطمی ہیں۔

میں کہتا ہوں کہ شاید لفظ غیر کا اضافہ بعض نا قلین کی تحریف لگتی ہے وگرنہ ابو جعفر تو خطمی ہی ہیں۔ جیسا کہ ابن ابی خیثمہ اور طبرانی وغیرہ نے اس کی تصریح کی ہے اور اللہ کی توفیق سے آگے ان کی گفتگو آرہی ہے۔

ابن تیمیہ نے کہا ترمذی میں تو ایسے واقع ہوا ہے مگر باقی تمام محدثین کہتے ہیں کہ وہ ابو جعفر خطمی ہیں اور یہی صحیح ہے۔

یہاں یہ بات بھی پیش نظر ہے کہ امام ترمذی اور ان کے ہمنواؤں نے حدیث کے پورے الفاظ ذکر نہیں کئے جیسا کہ باقی علماء حدیث نے کئے ہیں بلکہ انہوں نے تو صرف "اللھم فشفعه فی" تک روایت کیا ہے لیکن امام نسائی نے اسے "عمل الیوم واللیله" میں محمود بن غیلان عن عثمان بن عمر کی روایت سے اسی سند مذکور سے روایت کیا ہے اور امام نسائی نے اسے ایک اور واسطہ سے بھی روایت کیا ہے اور وہ "عن محمد بن معمر عن حبان عن حماد بن سلیمه عن ابی جعفر عن عماره بن خزیمه بن ثابت عن عثمان بن حنیف" ہے اور

انہوں نے اسے "عن زکریا بن یحی عن ابن مثنی عن معاذ بن ہشام عن ابیہ عن ابی جعفر ابی امامہ عن سھل بن حنیف عن عمہ عثمان بن حنیف عثمان بن حنیف" سے بھی روایت کیا ہے۔

اور ابن ماجہ نے اپنی سنن میں "باب ماجاء فی صلاۃ الحاجہ" کے ضمن میں فرمایا ہے کہ ہمیں احمد بن منصوربن سیار نے حدیث بیان کی انہیں عثمان بن عمر اور انہیں شعبہ نے ابو جعفر مدنی سے اور وہ عمارہ بن خزیمہ بن ثابت سے اور وہ عثمان بن حنیف سے روایت کرتے ہیں کہ ایک نابینا آدمی نے بارگاہ رسالت ماب صلی اللہ علیہ وسلم میں حاضر ہو کر عرض کیا کہ آپ اللہ رب العزت کی بارگاہ میں دعا کریں کہ اللہ تعالی مجھے عافیت عطا فرمائے تو آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا اگر چاہوں تو یہ سفارش میں تیرے لئے موخر رکھوں اور یہی تمہارے لئے بہتر ہے وگرنہ دعا کر دوں تو اس نے عرض کیا آپ میرے لئے دعا فرمائیں آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے اسے حکم دیا اچھے انداز سے وضو کرنے کے بعد دو رکعت نماز پڑھو پھر یہ دعا مانگو اللھم انی اسئالک واتوجہ الیک بمحمد نبی الرحمۃ یا محمد انی قد توجھت بک الی ربی فی حاجتی ھذہ لتقضی لی اللھم فشفعہ فی

امام ابو اسحاق نے کہا یہ حدیث صحیح ہے۔ اور ابن سنی نے "عمل

الیوم واللیلۃ" کے تحت باب ما یقول لمن ذھب بصرہ کے ضمن میں فرمایا ہے کہ مجھے ابو عروبہ نے بتایا ہے کہ ہمیں عباس بن فرج ریاشی اور حسین بن یحیی ثوری نے حدیث بیان کی ہے وہ کہتے ہیں ہمیں احمد بن شبیب بن سعید نے اور انہیں ابو روح بن القاسم نے ابو جعفر مدنی سے جو خطمی ہیں سے روایت کیا اور وہ ابوامامہ بن سہل بن حنیف سے اور وہ اپنے چچا عثمان بن حنیف رضی اللہ تعالی عنہ سے روایت کرتے ہیں کہ میں نے اللہ کے رسول صلی اللہ علیہ وسلم سے سنا اس حال میں کہ ان کی خدمت میں ایک نابینا آدمی بینائی چلے جانے کی شکایت لیکر حاضر ہوا تو آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کیا تم صبر نہیں کرتے؟ تو اس نے عرض کیا یا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم مجھے ساتھ لیکر چلنے والا کوئی نہیں، اور مجھے بہت تکلیف ہوتی ہے تو آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا جاؤ وضو کر کے دو رکعت نماز پڑھو پھر کہو "اللھم انی اسئالک واتوبہ الیک بنبیک محمد صلی اللّٰہ علیہ وسلم یا نبی الرحمۃ یا محمد انی اتوجہ بک الی ربی عزوجل فیجلی عن بصری اللھم شفعہ فی وشفعنی فی نفسی (اے اللہ میں تجھ سے دعا کرتا ہوں اور تیری بارگاہ میں تیرے نبی محمد صلی اللہ علیہ وسلم کا وسیلہ پیش کرتا ہوں۔ اے نبی رحمت اپنے رب کی بارگاہ میں آپ کا وسیلہ پیش کرتا ہوں۔۔۔ عثمان کہتے ہیں ابھی تک ہم وہیں تھے اور نہ

اتنی لمبی گفتگو ہوئی تھی کہ وہی شخص اس حال میں داخل ہوا کہ اسے آج تک آنکھوں میں کبھی تکلیف نہیں ہوئی تھی۔

امام احمد نے اپنی مسند میں کہا ہے کہ ہمیں روح بن عبادہ بن عبادہ نے حدیث بیان کی وہ کہتے ہیں ہمیں شعبہ نے ابو جعفر مدنی سے روایت کیا انہوں نے کہا میں نے عمارہ بن خزیمہ بن ثابت سے سنا جو عثمان بن حنیف سے حدیث روایت کر رہے تھے۔ کہ ایک نابینا آدمی بارگاہ رسالت صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں حاضر ہوا اور کہا "اے اللہ کے نبی، اللہ رب العزت سے دعا مانگیں وہ مجھے عافیت عطا فرمائے تو آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا اگر چاہو تو تمہارے لئے دعا کروں وگرنہ اس کو موخر کر دوں اور یہ تمہاری آخرت کے لئے بہتر ہے۔ تو اس نے عرض کیا بلکہ میرے لئے دعا فرمائیں تو آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے اسے حکم دیا جاؤ وضو کر کے دو رکعت نماز پڑھو پھر دعا مذکور پڑھنے کا حکم دیا عثمان بن حنیف کہتے ہیں کہ اس شخص نے ایسا کیا اور تندرست ہو گیا اور حاکم نے (المستدرک علی الصحیحین) میں کہا ہے کہ ہمیں عباس بن محمد دوری نے حدیث سنائی اور ان کو عثمان بن عمر نے وہ کہتے ہیں کہ ہمیں شعبہ نے ابو جعفر مدنی سے روایت کیا کہ میں نے عمارہ بن خزیمہ کو عثمان بن حنیف سے حدیث بیان کرتے ہوئے سنا کہ ایک نابینا آدمی نے مصطفیٰ صلی اللہ علیہ وسلم کی بارگاہ میں حاضر ہو کر عرض کیا کہ میرے لئے اللہ

تعالی سے تندرستی کی دعا مانگیں تو آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا اگر چاہو تو موخر کر رکھوں وگرنہ تمہاری خواہش کے مطابق دعا کروں' تو اس نے عرض کیا بلکہ دعا کریں تو آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے اسے حکم دیا کہ وضو کرو اور اچھا وضو کرو پھر دو رکعت نماز پڑھ کر دعا مذکور پڑھنے کا حکم دیا' حاکم نے کہا ہے یہ حدیث شیخین کی شرط پر صحیح ہے۔ لیکن انہوں نے اسے نقل نہیں کیا اسے حافظ ذہبی نے بھی تسلیم کیا ہے۔

اس حدیث کو عون بن عمارہ نے عمارہ بصری اور شبیب بن سعید حبطی کے واسطے سے بھی روایت کیا ہے اور وہ دونوں روح بن قاسم سے روایت کرتے ہیں اور ابو جعفر مدنی جو خطمی ہیں سے روایت کرتے ہیں اور ابوامامہ بن سھل بن حنیف اور وہ اپنے چچا عثمان بن حنیف رضی اللہ تعالی عنہ سے روایت کرتے ہیں کہ جب ایک نابینا شخص نظر جانے کی شکایت لیکر بارگاہ رسالت میں حاضر ہوا تو میں نے آپ صلی اللہ علیہ وسلم کو فرماتے ہوئے سنا اس شخص نے عرض کیا یا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم میرا کوئی سہارا نہیں جو مجھے لیکر چلے اور یہ مجھ پر گراں ہے۔ فرمایا جاؤ وضو کر کے دو رکعت نماز پڑھو اور کہو اسی دعا مذکور کا ذکر کیا عثمان بن حنیف رضی اللہ تعالی عنہ کہتے ہیں خدا کی قسم ہم وہاں سے الگ ہوئے نہ لمبی بات ہوئی اتنے میں وہ آدمی واپس آیا ایسے لگتا تھا کہ آج تک اسے بالکل تکلیف نہیں ہوئی پھر امام حاکم نے کہا کہ امام بخاری کی شرط پر یہ حدیث صحیح ہے۔ اور اسے امام ذہبی

نے بھی تسلیم کیا اور ابن ابی خیثمہ نے اپنی تاریخ میں کہا ہے کہ ہمیں ابراہیم نے بتایا اور انہیں حماد بن سلمہ نے بتایا اور انہیں ابو جعفر خطمی نے عمارہ بن خزیمہ سے خبر دی تو انہوں نے عثمان بن حنیف رضی اللہ تعالی عنہ سے روایت کیا۔

کہ ایک نابینا شخص نے اللہ کے نبی صلی اللہ علیہ وسلم کی بارگاہ میں حاضر ہو کر عرض کیا یا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم میری آنکھوں کی نظر جا چکی ہے آپ اللہ رب العزت سے میرے لئے دعا مانگیں تو آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا جاؤ وضو کر کے دو رکعت نماز پڑھو پھر کہو اللھم انی اسئالک واتوجہ الیک بنبی محمد نبی الرحمۃ یا محمد انی استشفع بک علی ربی فی رد بصری اللھم فشفعنی فی نفسی وشفع نبی فی رد بصری وان کانت حاجہ فافعل مثل ذلک دعا کے الفاظ پہلے بھی مذکوہ ہو چکے ہیں البتہ اس میں آخری جملہ کا اضافہ ہے کہ جب بھی کبھی ضرورت پیش آجائے ایسا کر لیا کرو تو صحابی کہتے ہیں کہ اس نے ایسا کیا تو اللہ رب العزت نے اس کی نظر واپس کر دی۔ ابن ابی خیثمہ کہتے ہیں کہ ابو جعفر وہی ہیں۔ جن سے حماد بن سلمہ نے روایت کیا اور ان کا اصلی نام عمیر بن یزید ہے۔ اور وہ وہی ابو جعفر ہیں جن سے شعبہ نے روایت کیا پھر انہوں نے اس حدیث کو عثمان بن عمر عن شعبہ عن ابی جعفر کے واسطہ سے بھی روایت کیا۔

امام بیہقی نے "دلائل النبوہ" میں فرمایا ہے باب ماجاء فی تعلیمہ الضریر ما کان فیہ شفاؤہ عین لم یصبر وما ظہر فی ذلک من آثار النبوہ (یہ باب حضور صلی اللہ علیہ وسلم کے اندھے کو تعلیم دینے کے بارے میں ہے۔ جس میں اس کی شفا ہے جب اس نے صبر نہ کیا اور اس موقع پر جن کمالات نبوت کا ظہور ہوا)

وہ کہتے ہیں کہ ہمیں ابو عبداللہ (جو حاکم ہیں) نے خبر دی ان سے ابو العباس محمد بن یعقوب حدیث بیان کی انہیں عباس بن محمد دوری نے حدیث سنائی انہیں ابوبکر احمد بن حسن قاضی نے خبر دی انہیں ابو علی حامد بن محمد ھروی نے حدیث بیان کی کہ ہمیں ابو جعفر خطمی نے حدیث بیان کی کہ میں نے عمارہ بن خزیمہ بن ثابت سے جو عثمان بن حنیف سے روایت کرتے تھے سنا کہ ایک اندھا آدمی رسالت ماب صلی اللہ علیہ وسلم کی بارگاہ میں حاضر ہوا عرض کیا آپ اللہ رب العزت سے میری تندرستی کی دعا مانگیں تو آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا اگر چاہو تو اسے موخر کر دوں اور یہ تمہارے لئے بہتر ہے اور اگر تم چاہو تو اللہ رب العزت کی بارگاہ میں دعا کروں' اس نے عرض کیا بلکہ دعا کریں' آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے اسے اچھا وضو کرنے کا حکم دیا اور فرمایا وضو کے بعد دو رکعت نماز پڑھو پھر دعا مذکور کے پڑھنے کا حکم دیا اسے عباس اور محمد بن یونس نے روایت کیا ہے کہ وہ آدمی کھڑا ہوا تو

بینا تھا۔ ان دونوں نے اسناد صحیح کے ساتھ روح بن عبادہ عن شعبہ سے
کتاب الدعوات میں روایت کیا ہے وہ کہتے ہیں کہ اس آدمی نے ایسے
کیا تو تندرست تھا۔ اسی طرح اسے حماد بن سلمہ نے ابو جعفر خطمی
سے روایت کیا۔

وہ کہتے ہیں کہ ہمیں ابو عبداللہ (جو حاکم ہیں) نے خبر دی ان سے
ابو العباس محمد بن یعقوب نے حدیث بیان کی انہیں عباس بن محمد دوری نے
حدیث سنائی انہیں ابوبکر احمد بن حسن قاضی نے خبر دی انہیں ابو علی
حامد بن محمد ھروی نے حدیث بیان کی کہ ہمیں ابو جعفر خطمی نے
حدیث بیان کی کہ میں نے عمارہ بن خزیمہ بن ثابت سے جو عثمان بن
حنیف سے روایت کرتے تھے سنا کہ ایک اندھا آدمی رسالت ماب صلی
اللہ علیہ و سلم کی بارگاہ میں حاضر ہوا عرض کیا آپ اللہ رب العزت
سے میری تندرستی کی دعا مانگیں تو آپ صلی اللہ علیہ و سلم نے فرمایا اگر
چاہو تو اسے موخر کر دوں اور یہ تمہارے لئے بہتر ہے اور اگر تم چاہو
تو اللہ رب العزت کی بارگاہ میں دعا کروں' اس نے عرض کیا بلکہ دعا
کریں' آپ صلی اللہ علیہ و سلم نے اسے اچھا وضو کرنے کا حکم دیا اور
فرمایا وضو کے بعد دو رکعت نماز پڑھو پھر دعا مذکور کے پڑھنے کا حکم دیا
اسے عباس اور محمد بن یونس نے روایت کیا ہے کہ وہ آدمی کھڑا ہوا تو
بینا تھا۔ ان دونوں نے اسناد صحیح کے ساتھ روح بن عبادہ عن شعبہ سے
کتاب الدعوات میں روایت کیا ہے وہ کہتے ہیں کہ اس آدمی نے ایسے

کیا تو تندرست تھا۔ اسی طرح اسے حماد بن سلمہ نے ابو جعفر خطمی سے روایت کیا۔

اور ہمیں ابو عبداللہ الحافظ نے خبر دی انہیں ابو محمد عبدالعزیز بن عبدالرحمن بن سہل دیانے مکہ میں خبر دی انہیں محمد بن یزید صالح نے انہیں احمد بن شبیب بن سعید حبطی نے وہ کہتے ہیں مجھے میرے باپ نے روح بن قاسم کے واسطہ سے حدیث سنائی اور وہ ابو جعفر مدنی سے روایت کرتے ہیں جو خطمی ہیں اور ابو امار بن سہل بن حنیف سے اور وہ اپنے چچا عثمان بن حنیف رضی اللہ سے روایت کرتے ہیں کہ میں نے اللہ کے رسول صلی اللہ علیہ وسلم سے اس وقت سنا جب ایک نابینا صحابی اپنی آنکھوں کی شکایت لیکر حاضر تھا اس نے عرض کیا یا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم میرا کوئی قائد نہیں اور مجھے سخت تکلیف ہوتی ہے۔ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا وضو کر کے دو رکعت نماز پڑھ کر یہ دعا پڑھو راوی اس دعا کو ذکر کرنے کے بعد کہتے ہیں۔ ہم وہاں سے گئے نہ زیاد وقت گزرا اتنے میں وہ آدمی داخل ہوا گویا کہ آج تک اسے تکلیف ہوئی ہی نہیں تھی۔

وہ کہتے ہیں کہ ہمیں ابو سعید عبدالملک بن ابی عثمان الزاہد نے خبر دی انہیں ابوبکر محمد بن علی بن اسماعیل شاشی قفال نے انہیں ابو عروبہ نے خبر دی انہیں عباس بن فرج نے انہیں اسماعیل بن شبیب نے وہ کہتے ہیں کہ میرے والد گرامی نے روح بن قاسم کے واسطہ سے

حدیث بیان کی اور وہ ابومدنی سے اور انہوں نے ابوامامہ بن سہل بن حنیف سے روایت کیا کہ ایک آدمی حضرت عثمان بن عفان رضی اللہ تعالیٰ عنہ کے پاس کسی ضرورت کے سلسلہ میں آتا جاتا تھا تو حضرت عثمان ان کی طرف التفات کرتے نہ ضرورت پورا کرنے میں غور کرتے تو وہ ایک روز حضرت عثمان بن حنیف رضی اللہ تعالیٰ عنہ کو ملے اور انہیں شکایت کی تو عثمان بن حنیف نے انہیں کہا وضو خانہ میں جا کر وضو کرو پھر مسجد میں آکر دو رکعت نماز پڑھنے کے بعد یہ دعا کروالللھم انی اسئالک واتوجه الیک بنبیک محمد نبی الر حمة یا محمد انی اتوجه بک الی ربی فیقضی حاجتی واذکر حاجتک ثم رح حتی اروح (کہ اے اللہ میں تجھ سے سوال کرتا ہوں اور تیری بارگاہ میں رحمت والے نبی محمد صلی اللہ علیہ وسلم کا وسیلہ پیش کرتا ہوں اے محمد صلی اللہ علیہ سولم میں اپنے رب کی بارگاہ میں آپ کا وسیلہ پیش کرتا ہوں تاکہ میری حاجت پوری کرے پھر اپنی حاجت کا ذکر کرنے کے بعد چلے جاؤ۔) تو وہ آدمی چلا گیا اور جا کر ایسا ہی کیا پھر وہ حضرت عثمان غنی رضی اللہ تعالیٰ عنہ کے دروازے پر پہنچا تو فورا" دربان آیا ان کا ہاتھ پکڑ کر حضرت عثمان غنی کے پاس لے گیا اور انہیں حضرت عثمان غنی کے ساتھ بچھونے پر بٹھایا۔ حضرت عثمان رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے ان سے پوچھا تمہاری کیا حاجت ہے بتاؤ پھر وہ آدمی وہاں سے جا کر حضرت عثمان بن

حنیف رضی اللہ تعالی عنہ سے ملا اور کہا اللہ تعالی آپ کو بہتر جزا دے وہ میری حاجت پوری کرتے تھے۔ نہ میری طرف توجہ کرتے تھے یہاں تک آپ نے ان سے بات کی تو حضرت عثمان بن حنیف رضی اللہ تعالی عنہ نے فرمایا میں نے ان سے کوئی بات نہیں کہ بلکہ میں نے اللہ کے رسول صلی اللہ علیہ وسلم سے سنا تھا جب ایک نابینا اپنی آنکھوں کی شکایت لیکر آپ صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں حاضر ہوا تو رسالت ماب صلی اللہ علیہ وسلم نے اسے کہا کیا تم صبر کرو گے؟ تو اس نے عرض کیا یا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم میرا کوئی قائد نہیں مجھے بہت تکلیف ہوتی ہے تو آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے اسے فرمایا وضو خانہ میں جا کر وضو کرو اور دو رکعت نماز پڑھو پھر دعاء مذکر پڑھنے کا حکم دیا تو حضرت عثمان کہتے ہیں ہم ابھی وہاں بیٹھے تھے۔ اور نہ سلسلہ گفتگو طویل ہوا اتنے میں وہی آدمی داخل ہوا ایسا لگتا تھا کہ آج تک اسے تکلیف ہی نہ ہوئی ہو۔

اس کو احمد بن شبیب بن سعید نے بھی اپنے والد گرامی سے بڑی طوالت کے ساتھ ذکر کیا ہے وہ کہتے ہیں کہ ہمیں ابو علی حسن بن احمد بن ابراہیم بن شاذان نے خبر دی انہیں عبداللہ بن جعفر بن درستویہ نے انہیں یعقوب بن سفیان نے حدیث سنائی انہیں احمد بن شبیب بن سعید نے حدیث سنائی۔ پھر انہوں نے اسے طوالت کے ساتھ ذکر کیا اور اسی طرح جیسے ہمارے شیخ ابو عبداللہ الحافظ نے ذکر فرمایا

کہ علی بن عیسی بن ابراہیم نے ان کو حدیث سنائی انہیں ابراہیم بن محمد بن یزید سکونی نے انہیں یعقوب بن سفیان فارسی نے انہیں احمد بن شبیب بن سعید نے وہ کہتے ہیں کہ میرے والد گرامی نے روح بن قاسم کے واسطہ سے ہمیں حدیث بیان کی اور وہ ابو جعفر مدینی سے روایت کرتے ہیں اور وہ ابو امامہ بن سھل بن حنیف سے اور وہ اپنے چچا عثمان بن حنیف رضی اللہ تعالی عنہ سے روایت کرتے ہیں کہ ایک آدمی حضرت عثمان غنی رضی اللہ تعالی عنہ کے پاس کسی ضرورت کے سلسلہ میں آیا کرتا تھا پھر پوری حدیث کو ذکر فرمایا اور اسے ہشام دستوائی نے بھی ابو جعفر سے روایت کیا ہے اور وہ ابو امامہ بن سہل سے اور وہ اپنے چچا عثمان بن حنیف رضی اللہ تعالی عنہ سے روایت کرتے ہیں یہ ساری گفتگو امام بیہقی رحمہ اللہ علیہ کی تھی۔

اور طبرانی نے اپنی معجم کبیر میں حضرت عثمان بن حنیف رضی اللہ تعالی عنہ کے حالات میں کہا ہے کہ ہمیں طاہر بن عیسی بن قریش المصری المقری نے حدیث بیان کی انہیں اصبغ بن فرج نے انہیں ابن وھب عبداللہ نے ابو سعید مکی یعنی شبیب بن سعید سے روایت کی اور وہ روح بن قاسم اور وہ ابو جعفر خطمی مدنی اور وہ امامہ بن سہل بن حنیف اور وہ اپنے چچا عثمان بن حنیف سے روایت کرتے ہیں کہ ایک آدمی حضرت عثمان بن عفان رضی اللہ تعالی عنہ کے پاس کسی ضرورت کے سلسلہ میں آتا تھا تو حضرت عثمان نہ تو اس کی طرف دیکھتے اور نہ

ضرورت کے بارے سوچتے تو وہ حضرت عثمان بن حنیف سے ملا اور انہیں شکایت کی تو حضرت عثمان بن حنیف رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے اسے فرمایا جاؤ وضو خانہ میں جا کر وضو کرو پھر مسجد میں آکر دو رکعت نماز پڑھو' پھر دعا مذکور پڑھنے کا حکم دیا۔ وہ شخص اس پر عمل کر کے حضرت عثمان غنی رضی اللہ تعالیٰ عنہ کے دروازے پر پہنچا تو دربان آیا اس کا ہاتھ پکڑ کر حضرت عثمانؓ کے پاس لے گیا۔ اور لے جا کر ان کے ساتھ بچھاؤنے پر بٹھا دیا تو حضرت عثمان غنی رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے پوچھا تمہاری کیا حاجت ہے؟ اس نے بتائی آپ نے پوری کر دی پھر وہ آدمی وہاں سے گیا اور حضرت عثمان بن حنیف رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے ملا اور کہا آپ کو اللہ رب العزت جزاءعطا فرمائے اگر آپ میری سفارش نہ فرماتے تو میرا کام نہ ہوتا حضرت عثمان بن حنیف نے کہا خدا کی قسم میں نے کوئی سفارش نہیں کی بلکہ اللہ کے رسول صلی اللہ علیہ وسلم کی محفل میں' میں نے اس کا مشاہدہ کیا پھر پورا واقعہ بیان کر دیا۔

اور انہوں نے اسے معجم صغیر سے بھی طاہر کے واسطے سے روایت کیا ہے جو اپنے شیوخ سے اسی واسطہ سے انہیں الفاظ میں روایت کرتے ہیں وہ کہتے ہیں کہ روح بن قاسم سے شبیب بن سعید ابو سعید مکی ہی روایت کرتے ہیں یہ وہی ہیں جن سے احمد بن شبیب روایت کرتے ہیں اور وہ اپنے والد سے اور وہ یونس بن یزید ایلی سے روایت کرتے ہیں اور اس حدیث کو شعبہ ابو جعفر خطمی سے بھی

روایت کرتے ہیں جن کا نام عمیر بن یزید ہے۔ اور وہ ثقہ ہیں اور حدیث صحیح ہے یہ پوری گفتگو امام طبرانی کی تھی' ابن تیمیہ نے کہا طبرانی نے اپنے علم کے مطابق اسے بطور تفرد بیان کیا اور انہیں روح بن عبادہ کی شعبہ سے روایت نہیں پہنچی اور وہ سند صحیح ہے جو واضح کر رہی ہے کہ عثمان بن عمر اس میں منفرد نہیں اور امام حافظ منذری نے "الترغیب والترھیب" میں یوں فرمایا الترغیب فی صلاۃ الحاجۃ ودعائھا عن عثمان بن حنیف رضی اللّٰہ عنہ ان اعمی اتی الی رسول اللّٰہ صلی اللّٰہ علیہ وسلم فقال یا رسول اللّٰہ ادع اللّٰہ ان یکشف لی عن بصری قال او ادعک؟ قال یا رسول اللّٰہ انہ قدشق علی ذھاب بصری قال فانطلق وتوضا ثم صل رکعتین ثم قل اللھم انی اسئلک واتوجہ الیک بنبی محمد نبی الرحمہ یا محمد انی اتوجہ الی ربی بک ان یکشف لی عن بصری اللھم شفعہ فی وشفعنی فی نفسی (حضرت عثمان بن حنیف رضی اللہ تعالی عنہ سے روایت کیا ہے کہ ایک نابینا آدمی اللہ کے رسول صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں حاضر ہوا اور عرض کیا یارسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم میرے لئے دعا فرمائیے تو آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا جاؤ وضو کر کے دو رکعت نماز پڑھو پھر دعا مذکور پڑھنے کا حکم دیا وہ کہتے ہیں

کہ وہ آدمی گیا پھر تھوڑی دیر بعد واپس آیا اللہ رب العزت نے سب مصیبتیں اس کی آنکھوں سے دور کر دی تھیں۔ ترمذی نے اسے روایت کیا ہے اور کہا ہے کہ یہ حدیث حسن صحیح غریب ہے۔ اور امام نسائیؒ ابن ماجہ اور ابن خزیمہ نے اپنی اپنی مئولفات میں اسے روایت کیا ہے اور حاکم نے کہا ہے کہ امام بخاری و مسلم کی شرائط کے مطابق صحیح ہے اور (ثم صل رکعتین) کے الفاظ ترمذی میں نہیں ہیں۔ اور امام طبرانی نے پورے واقعہ کے ساتھ اس کو روایت کیا ہے اسناد کے ذکر کے بعد انہوں نے کہا ہے کہ یہ حدیث صحیح ہے حافظ منذری نے بھی یہی کہا ہے حافظ ہیثمی نے "مجمع الزوائد" صلاۃ الحاجہ کے باب میں اس کی صحت پر اتفاق کیا ہے اور حافظ ابو عبداللہ المقدسی نے "المختارہ" میں اور حافظ عبدالغنی المقدسی نے "النصیحہ" میں اور امام نووی نے "الاذ کار" میں اس حدیث کی صحت پر اتفاق کیا ہے اور ابن تیمیہ نے اپنی کتب میں متعدد مقامات پر اسے روایت کیا ہے اور امام سخاوی نے "القول البدیع" اور امام سیوطی نے " الخصائص الکبریٰ" میں اسے روایت کیا ہے۔

اس تمام گفتگو کا خلاصہ یہ دو باتیں ہیں۔

ا۔ حدیث توسل ضریر (نابینا) کی تخریج حدیث کی مشہور و معتبر کتابوں میں ہے مسند امام احمد، سنن ترمذی، نسائی، ابن ماجہ اور صحیح ابن خزیمہ و حاکم کافی ہیں۔

۲۔ یہ حدیث صحیح ہے حفاظ اور ناقدین حدیث نے اس کی صحت پر اتفاق کیا ہے کسی نے بھی مخالفت نہیں کی سوائے ابن تیمیہ کے کہ حدیث کی صحت کے اعتراف کے باوجود انہوں نے بعض بے ہودہ قسم کے اعتراضات کئے ان شاء اللہ تعالی ہم انہیں باطل ثابت کریں گے۔

حدیث پر
وارد کردہ اعتراضات کا
تفصیلی جواب

یہ باب ان اعتراضات کے جوابات میں ہے جو اس حدیث پر وارد کئے گئے۔

جب یہ حدیث وہابیہ کے حلق میں ہڈی اور آنکھوں میں تنکا ثابت ہوئی تو انہوں نے اس سے جان چھڑانے کی کوششیں شروع کر دیں مگر وہ اپنی ان کوششوں میں کامیاب نہیں ہو سکے۔ انہوں نے ایسی بد مزہ گفتگو کی جو ان کی جہالت پر دلالت کرتی ہیں اور ان کی متعصبانہ فکر فاسد کو آشکار کرتی ہے وہ بھاگی ہوئی اونٹنی کی طرح خبطی واقع ہوئے کہ اندھی گمراہی میں چلے گئے۔

حدیث تو ایسی عمارت کی طرح ہے جس کی بنیادیں مضبوط اور ستون بلند و بالا ہوں۔ انہوں نے حدیث کے جس پہلو کو بھی چھیڑا وہ اس کی وضاحت وثبات میں اضافہ کرتا چلا گیا کسی نے کیا خوب کہا

کنا طح صخرة یوماً لیو هنها
فلم یضرها واوهی قرنه الوعل

(چٹان کو کمزور کرنے کے لئے اسے سینگ مارنے والا نقصان نہ پہنچا پائے گا۔ پہاڑی بکرا اپنے ہی سینگ خراب کر بیٹھتا ہے)

اب ہم ان کے ان اعتراضات کا ذکر کرتے ہیں۔ جو قواعد سے

ملتے جلتے عقل و منطق سے قریب تر ہیں۔ ان کا حصر درج ذیل وجوہ میں کیا جا سکتا ہے۔

ا۔ ابو جعفر خطمی ہی ہیں۔

سب سے پہلے انہوں نے امام ترمذی کی ابو جعفر کے بارے اس بات کو کہ وہ خطمی نہیں لیا ہے۔ تو انہوں نے کہا کہ ابو جعفر مجہول ہیں اور مجہول کی روایت کردہ حدیث ضعیف ہوتی ہے۔

ان کی یہ بات باطل بلکہ مردود ہے۔ کیونکہ امام طبرانی' ابن ابی خیثمہ' حاکم اور امام بیہقی ان تمام حضرات نے تصریح کی ہے کہ ابو جعفر وہ خطمی مدنی ہی ہیں اور ابن تیمیہ نے بھی اس کی تصدیق کی ہے کہ یہ ابو جعفر خطمی ہی ہیں اور یہی صحیح ہے اور ابو جعفر خطمی ثقہ معروف ہیں جیسا کہ طرق حدیث میں گزر چکا ہے۔

۲۔ معجزہ کے ثبوت کے لئے دو شرائط ہیں۔

ان کا دوسرا اعتراض کہ حدیث ایک معجزہ پر مشتمل ہے جو ایک نابینا شخص کی نظر کی واپسی ہے۔ ظاہر ہے اس کو دیکھنے والے صحابہ کثیر تعداد میں ہوں گے یہاں تو صحابہ میں سے فقط حضرت عثمان بن حنیف رضی اللہ تعالی عنہ ہیں پھر اس عظیم معجزہ پر مشتمل ہوتے ہوئے بھی اسے بطریق آحاد روایت کیا گیا یہ بات دلالت کرتی ہے کہ حدیث صحیح نہیں ہے اس لئے کہ اگر صحیح ہوتی تو ناقلین حدیث اس

کے نقل و روایت کرنے میں جلدی اور ایک دوسرے پر سبقت کرتے۔

ہم کہتے ہیں یہ اعتراض بھی پہلے اعتراض کی طرح باطل اور مردود ہے بلکہ یہ پہلے اعتراض سے زیادہ باطل ہے اس لئے کہ ہر معجزہ کے بارے شرط ہی نہیں کہ وہ متواتر یا شہرت کے ساتھ نقل کیا جائے علماء اصول وحدیث میں سے کسی نے بھی ایسی کوئی شرط نہیں لگائی بلکہ ان میں اخبار احاد متواتر اور مشہور سب ہو سکتی ہیں۔ جو شخص احادیث کی کتابوں میں احاطہ رکھتا ہے۔ اس سے یہ او جھل نہیں ہے۔ تو یہ طعام کی تسبیح والی حدیث، بکرے کی دستی کا بول اٹھنا کہ اس میں زہر ہے۔ دونوں حدیثیں بطریق احاد روایت کی گئی ہیں۔ حالانکہ نابینا کی نظر کی واپسی کی بنسبت یہ عظیم معجزوں پر مشتمل ہیں۔ کیونکہ جمادات کا بولنا عادتاً" معروف نہیں ہے اور نابینا کی نظروں کی واپسی عجیب ہونے کے باوجود انسان کی شان میں سے ہے اور اس کی صفات میں سے ایک صفت ہے اور یہ معروف ہے۔ کہ کسی شخص کی تکلیف کی وجہ سے نظر چلی جائے پھر کچھ دوائی استعمال کر کے اس کو صحیح کیا جائے جیسا کہ طریق قدح عہد قدیم میں عرب حکمیوں کے ہاں مستعمل رہا ہے ہمارے ہاں مراکش میں ہیشہ سے یک گروہ اس کا سپیشلسٹ رہا ہے۔ نابینا کو انھوں نے دوائی دی تو اس کی پہلی سی حالت لوٹ آئی۔ ہم نے تو اس کا کئی بار مشاہدہ کیا ہے۔ جیسا کہ ہمارے علاوہ لوگوں نے ایسے

انسانوں کو دیکھا کہ تکلیف کی وجہ سے ان کی بالکل نظر چلی گئی۔ طریقہ قدح یا اور طریقہ سے ان کا علاج کیا گیا تو ان کی نظر واپس لوٹ آئی۔ اور یہ نابینا جس نے بارگاہ رسالت ماب صلی اللہ علیہ وسلم میں پناہ لی کوئی مادرانہ اندھا نہ تھا کسی بیماری کی وجہ سے اس کی نظر چلی گئی تھی کیونکہ (شق علی ذہاب بصری فلیس فی رد بصرہ) کے الفاظ اس پر دلالت کرتے ہیں۔ تعجب خیز بات تو یہ ہے کہ ایک پکا پکایا کھانا تسبیح پڑھتا ہے۔ پھر بکرے کی بھونی ہوئی دستی کا خبر دینا' پتھروں کا آپ صلی اللہ وسلم کو سلام کہنا اس کے علاوہ بہت سارے معجزات ہیں جو تواتر کے ساتھ منقول نہیں لیکن علماء نے ان کی صحت پر اعتماد کیا' انہیں قبول کیا اور انہیں حجت کے طور پر لیا جیسا کہ انہوں نے حدیث ضریر کی صحت پر اعتماد کیا اور اسے قبول کیا! اصولیین کے ہاں ایک قاعدہ ہے جو وہابی صحیح طور پر سمجھ نہیں پاتے چنانچہ انہوں نے اس حدیث پر اسے جڑ کر غلطی کی وہ قاعدہ یہ ہے کہ ایسی خبر جس کے دواعی' اس کے تواتر کے ساتھ نقل کرنے پر زیادہ ہوں لیکن وہ بطریق آحاد نقل کی گئی ہو وہ جھوٹی ہو گی جمع الجوامع (جو امام تاج الدین سبکی رحمتہ اللہ علیہ کی ہے۔ جس کی شرح علامہ جلال الدین محلی نے کی۔ وہ فرماتے ہیں کہ (ایسی خبر کہ حالات اسے تواتر کے ساتھ نقل کرنے کا تقاضا کریں جیسے خطبہ کے وقت امام کا منبر سے گرنا اسے بطریق آحاد نقل کیا گیا ہو تو اسے یقیناً" جھوٹا کہا جائیگا۔ کیونکہ یہ مخالف عادت ہے لیکن روافضہ اس پر یقینی

کذب کا حکم نہیں لگاتے وہ کہتے ہیں کہ عقل اس کے صدق کو جائز قرار دیتا ہے وہ امامت حضرت علی رضی اللہ تعالی عنہ کے بارے میں اس خبر واحد (انت الخلیفۃ من بعدی) کو سچا مانتے ہیں اور وہ اسے اخبار آحاد سے ثابت معجزات کی طرح مانتے ہیں مثلاً" کھجور کے تنے کا رونا' پتھروں کا بارگاہ رسالت مآب صلی اللہ علیہ وسلم میں سلام عرض کرنا اور کنکریوں کا تسبیح پڑھنا' ہم کہتے ہیں یہ تو اخبار متواترہ تھی لیکن بعد میں اب تک قرآن کریم کے تواتر کی وجہ سے ان کے تواتر سے استغناء کیا گیا جہاں تک خلافت حضرت علی رضی اللہ تعالی عنہ والی حدیث کی بات ہے وہ کبھی بھی معروف نہیں رہی اگر ہوتی تو اہل سقیفہ سے مخفی نہ رہتی۔

ان میں بھی تواتر نہیں

میں (غماری) کہتا ہوں' ان معجزات کے تواتر کا دعوی قابل تسلیم نہیں ہے۔ صحیح جواب یہ ہے کہ ان معجزات کو بطریق آحاد نقل کر کے تواتر قرآن حکیم کی وجہ سے ان کے نقل تواتر سے استغناء کیا گیا ہے یہ جواب تمام صورتوں میں یکساں نافذ کیا جا سکتا ہے لیکن "اسنوی" نے ایک اور جواب دیا ہے وہ یہ کہ یہ معجزات تواتر سے منقول نہیں کیونکہ ان کا مشاہدہ کرنے والے تھوڑے ہوتے تھے اور کہا کہ شیعہ بھی یہی جواب دے سکتے ہیں کہ خلافت علی رضی اللہ تعالی عنہ والی خبر متواتر

نہیں کیونکہ سامعین کم تھے) میں کہتا ہوں ان کے جواب کو یوں رد کیا
جا سکتا ہے کہ امامت معین پر نص کا مقصد قطع نزاع اور جھگڑے کو
ختم کرنا تھا۔ اور یہ بات تقاضا کرتی ہے کہ شارع علیہ السلام تمام صحابہ
کرام کو بتاتے کہ خلیفہ فلاں ہو گا تاکہ وہ یہ بات کہنے سے رک جاتے
یہاں تو ایک دو کو بھی خبر نہیں معجزات کی صورتحال ذرا اس سے مختلف
ہے کیونکہ ان کی غرض صداقت رسول صلی اللہ علیہ وسلم پر دلالت
کرتی ہے جو قرآن اور اسرا و معراج وغیرہ معجزات متواتر سے ہو چکی
اور شیخ شہاب الدین قرافی تنقیح الفصول کی شرح میں فرماتے ہیں
معجزات انوکھا پن اور شرف کو جمع کرتے ہیں کیونکہ وہ خوارق عادت اور
نبوت کی نبیاد ہیں۔ اگر وہ تواتر سے منقول نہ ہو بلکہ فقط ایک شخص ہی
انہیں نقل کرنے والا ہو تو سمجھا جائے گا کہ یہ خبر جھوٹی ہے لیکن شرط
یہ ہے کہ وہاں جم غفیر موجود ہو دوسرا حصول مقصود میں اس کے علاوہ
کوئی اور دلیل بھی نہ ہو پہلی شرط انشقاق قمر سے احتراز کے لئے
ہے کیونکہ وہ رات کا واقعہ تھا اور تواتر کی تعداد وہاں موجود نہ تھی جبکہ
دوسری شرط رسالت ماب صلی اللہ علیہ وسلم کی انگلیوں مبارک سے
چشمہائے آب کا پھوٹ پڑنا اور طعام قلیل سے جم غفیر کو سیر کر دینا
ان مواقع پر اجتماع عظیم موجود تھا۔ لیکن امت محمدیہ نے نقل قرآن پر
ہی اکتفاء کیا ہے باقی معجزات بطریق آحاد ہی منقول ہوئے۔ حالانکہ وہ
بھی متواترہ تھے۔ رہا معاملہ "حدیث ضریر" کا تو وہاں جم غفیر بھی نہ تھا

اور معجزات بھی موجود تھے جو صداقت رسول اللہ علیہ وسلم پر دلالت کرتے ہیں مثلاً" قرآن کریم کیونکہ اس کا اعجاز پھر اس کا تواتر سے منقول ہونا' دوسرے معجزات سے کفایت کرتا ہے تو قاعدہ مذکورہ میں اس کا دخول جائز نہیں اور کسی حالت میں بھی اس کا نفاذ ممکن نہیں ہاں یہ قاعدہ ایسے معجزات پر منطبق ہوتا ہے۔ جیسے ولی کبیر شیخ احمد رفاعی رحمہ اللہ علیہ کے بارے منقول ہے۔ کہ جب انہوں نے حج کے موقع پر روضہ رسول صلی اللہ علیہ وسلم پر حاضری دی اور روضہ مبارکہ کے سامنے کھڑے ہو کر عرض کیا

فی حالة البعد روحی کنت ارسلها
تقبل الارض عنی وھی نائبتی
وھذه نوبة الا ستباح قد حضرت
فامدد یمینک کی تحظی بها شفتی

(جب دور تھا تو میں اپنی رروح کو بھیجا کرتا تھا وہ میری نائب بن کر آپ کی دھرتی کو بوسے دیتی' اور آج یہ سب حاضر خدمت ہیں۔ اپنا دست مبارک نکالئے تاکہ میرے ہونٹ بوسہ دے کر فیضیاب ہوں)

تو قبر انور سے بابرکت ہاتھ نکلا تو انہوں نے بوسہ دیا اور سب لوگ یہ منظر دیکھ رہے تھے بعض حضرات کہتے ہیں کہ یہ واقعہ شیخ علی ابو شباک لرفاعی (جو قلعہ قاہرہ میں مدفون ہیں) کے بارے وقوع پذیر ہوا۔ برابر ہے ان کے لئے ہو یا ان کے لئے' یہ واقعہ جھوٹا لگتا ہے کیونکہ

اس عظیم واقعہ کے لئے حالات اس کے بالتواتر نقل کرنے کا تقاضا کرتے ہیں اور اس واقعہ کے ناقل نے یہاں تک نقل کیا ہے کہ جم غفیر نے اس کا مشاہدہ کیا جن کی تعداد پچاس ہزار تک پہنچتی ہے۔ اور یہ کہ اس واقعہ کا مشاہدہ جنہوں نے کیا اس عظیم سعادت پر شیخ رفاعی کو مبارک باد دی۔ اس واقعہ کے جھوٹا ہونے کی یہ بات بھی تائید کرتی ہے یہ کیسے ہو سکتا ہے کہ پچاس ہزار یا کم زیادہ لوگ حاضر ہوں پھر ایک یا دو کے علاوہ اسے کوئی نقل نہ کرے کیا سب لوگ ناتجربہ کار اور جاہل تھے۔ اور شیخ عبدالقادر جیلی نے اپنے دروس میں سے کسی درس میں اس کی طرف اشارہ تک نہیں فرمایا نہ ان کی تالیفات میں قابل اعتبار طریقہ سے اس کا ذکر ہے نہ امام شعرانی نے طبقات میں اس کا ذکر کیا ہے حالانکہ اس سے کم ترشان کی بات کیوں نہ ہو وہ اسے بھی نہیں چھوڑتے میں نے اس حکایت کے اثبات میں ایک مطبوعہ رسالہ دیکھا ہے جو امام سیوطی رحمتہ اللہ علیہ کی طرف منسوب ہے حالانکہ امام جلال الدین سیوطی کی طرف اس کی نسبت صحیح نہیں ہے۔۔ اور کتنی کتابیں جو امام جلال الدین سیوطی کی طرف سے منسوب ہیں لیکن وہ ان کی نہیں ہیں۔ جیسے "الکنز المدفون والفلک المشحون" ان کی طرف منسوب ہے حالانکہ یہ کتاب شیخ یونس سیوطی مالکی (جو حافظ ذہبی کے شاگرد ہیں) کی ہے اور جیسے الرحمۃ فی الطب والحکمہ تمام مطبوعہ نسخوں میں ان کی طرف

منسوب ہے حالانکہ وہ حکیم مقری مہدی کی ہے اس کے علاوہ بہت زیادہ ہیں۔ہاں سیوطی نے اس واقعہ کا تذکرہ تنویر الحلک میں کیا ہے۔

۳۔ دعا نہیں توسل تھا

تیسرا اعتراض وہ کہتے ہیں کہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے اس نابینا کے لئے دعا مانگی تھی تو اس نے آپ صلی اللہ علیہ وسلم کی دعا کا وسیلہ پکڑا یہ جائز ہے جس میں کوئی اختلاف نہیں۔

ہم کہتے ہیں کہ یہ بھی باطل اور مردود ہے۔ کیونکہ عثمان بن حنیف رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے اس مقام پر حضور صلی اللہ علیہ وسلم کی دعا کا ذکر نہیں کیا بلکہ تصریح کی کہ (فو اللہ ماتفرقنا ولا طال بنا الحدیث حتی دخل الرجل کانہ لم یکن بہ ضرقط) خدا کی قسم ہم الگ ہوئے نہ اتنی لمبی گفتگو ہوئی حتی کہ وہ آدمی داخل ہوا گویا کہ اسے کبھی تکلیف ہی نہیں ہوئی تھی۔ یہی وجہ ہے کہ امام بیہقی رحمتہ اللہ علیہ نے عنوان ہی یوں قائم کیا۔(باب ماجاء فی تعلیمہ الضریر ماکان فیہ شفاؤہ عین لم یصبر)یہ باب اس چیز کے بارے میں ہے کہ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے ایک نابینا کو سکھایا جس میں اس کی شفا تھی جب اس نے صبر

لے اس موضوع پر سید محمد ابوالہدی افندی نے مکمل کتاب "کنزا لمطلم فی مدید النبی ادلہ۔ الغوث الرفاعی الاعظم" تحریر کی ہے شاید شیخ غماری کے مطالعہ میں وہ نہیں آئی

نہ کیا۔

علاوہ ازیں بہت لوگوں نے متعدد مقامات پر آپ صلی اللہ علیہ وسلم سے دعا کی درخواست کی تو آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے ان کے حق میں دعا فرمائی اور کسی کو بھی نماز اور دعاپڑھنے کا حکم نہ دیا جیسا کہ نابینا والی صورت میں کیا تو یہ بات دلالت کرتی ہے کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے حدیث ضریر میں نئے قانون کا ارادہ فرمایا جو تمام لوگوں کیلئے عام ہو صرف طالب دعا کے ساتھ خاص نہ ہو۔

دعا سے مراد دعا سکھانا ہے

اگر یوں اعتراض کیا جائے کہ آپ حضور صلی اللہ علیہ وسلم کے اس فرمان کا کیا کریں گے جو آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے نابینا کو دیا کہ اگر چاہو تو صبر کرو اور یہی تمہارے لئے بہتر ہے۔ اور اگر چاہو تو میں آپ کے لئے دعا کروں۔

میں کہتا ہوں کہ یہ شبہ اس شخص کا ہو سکتا ہے جو کہے کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے اس کے لئے دعا فرمائی لیکن جب آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے اسے نماز پڑھنے کا حکم دیا اور دعا کی تلقین کی تو پتہ چلا کہ کلام میں کچھ مجاز ہے۔ اور اس جملہ (اگر چاہو تو میں دعا کروں) کا معنی یہ ہے کہ اگر چاہو تو میں تمہیں دعا سکھاؤں جو تم دعا مانگو اور تمہیں اس کی تلقین کروں' اور یہ تاویل واجب ہے تاکہ ابتداء حدیث' آخر

حدیث کے ساتھ متفق ہو جائے۔ پھر اگر اس تمام بحث کے باوجود ہم تسلیم بھی کر لیں کہ رسالت ماٰب صلی اللہ علیہ وسلم نے اس نابینا کے لئے دعا مانگی تھی تو یہ کسی اور کے لئے عموم حدیث میں مانع نہیں ہے۔ اللہ کے حکم سے اس کا تفصیلی بیان آرہا ہے۔

۴۔ استسقاء میں سنت ہی یہی ہے

چوتھا اعتراض، وہ کہتے ہیں کہ حضرت عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے قحط کے سال دعاء استسقاء مانگی تھی چنانچہ انہوں نے کہا اے اللہ ہم تیری بارگاہ میں اپنے نبی صلی اللہ علیہ وسلم کا وسیلہ پیش کیا کرتے تھے۔ تو تو ہمیں بارش عطا کیا کرتا تھا۔ تو ہم تیری بارگاہ میں تیرے نبی کے چچا کا واسطہ پیش کرتے ہیں تو ہم پر بارش برسا اے عباس دعا کیجئے تو حضرت عباس رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے دعا مانگی اور اللہ تعالیٰ نے ان پر بارش برسائی یہ دلیل ہے اس بات پر کہ یہ حدیث حضور صلی اللہ علیہ وسلم کی ظاہری زندگی کے ساتھ خاص ہے اور آپ صلی اللہ علیہ وسلم کے وصال کے بعد توسل بالنبی جائز نہیں، ابن تیمیہ نے اپنی کتابوں میں اس اثر عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے کثرت سے استدلال کیا ہے بلکہ کئی مرتبہ اس کا تکرار اور اعادہ کیا۔

ہم کہتے ہیں کہ اس اعتراض کی بھی کوئی اہمیت نہیں ہے کیونکہ جو کچھ حضرت فاروق رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے کیا استسقاء میں ...

مطلوب تھا اس لئے کہ سنت طریقہ ہے کہ اس صورتحال میں امام اور لوگ شہر سے باہر عید گاہ کی طرف جائیں۔ نماز استسقاء پڑھیں اور امام خطبہ دے کر خود بنفسہ دعا مانگے جیسا کہ رسالت ماب صلی اللہ علیہ وسلم کیا کرتے تھے یا کسی اور کو دعا کا کہے جسے حضرت عمر رضی اللہ تعالی عنہ نے حضرت عباس رضی اللہ تعالی عنہ کے ساتھ کیا اور حضرت معاویہ نے حضرت یزید بن اسود کے ساتھ کیا۔

اگر یوں سوال کیا جائے کہ حضرت عمر رضی اللہ تعالی عنہ نے عید گاہ میں بوقت دعا نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کو وسیلہ کیوں نہ بنایا بلکہ آپ صلی اللہ علیہ وسلم کو چھوڑ کر حضرت عباس رضی اللہ تعالی عنہ کو وسیلہ بنایا؟ اس کے کئی جواب دیئے گئے ہیں۔

ا۔ حدیث نہیں پہنچی

حضرت عمر رضی اللہ تعالی عنہ کو حدیث توسل ضریر نہ پہنچی تھی اگر پہنچتی تو وہ ضرور وسیلہ پیش کرتے اور یہ ہوا ہے کہ بہت ساری احادیث حضرت عمر اور دوسرے بہت سے صحابہ پر مخفی رہیں اور ان سے چھوٹے ان سے باخبر ہوئے جسے ابن عباس ابوسعید خدری' اور حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ تعالی عنہم بلکہ حضرت عمر رضی اللہ تعالی عنہ نے کئی بار بعض حدیثوں کے بارے جو ان کے مخفی رہیں اعتذار پیش کیا کہ بازاروں کے کاروبار نے ہمیں غافل کر دیا یعنی تجارت میں

مصروفیت کی بنا پر بہت ساری احادیث سے غافل رہے۔ اور یہی حال حضرت ابوبکر رضی اللہ تعالی عنہ کا بھی ہوا کہ کئی احادیث ان سے مخفی رہیں اور ان کا علم مغیرہ بن شعبہ رضی اللہ تعالی عنہ وغیرہ سے حاصل ہوا۔

۲۔توسل لازم نہیں جائز ہے

توسل بالنبی علیہ الصلوہ والسلام واجب نہیں لہذا اس کا ترک جائز ہے اور غیر نبی کو بھی وسیلہ بنایا جا سکتا ہے۔

۳۔ حضرت عباس مضطر تھے

اللہ رب العزت فرماتا ہے(امن یجیب المضطر اذا دعاہ ویکشف السوء) آلایہ

اور اس میں کوئی شک نہیں کہ حضرت عباس رضی اللہ تعالی عنہ اس وقت مضطرین میں سے تھے۔ لہذا ان کا وسیلہ پکڑنا زیادہ بہتر اور مناسب تھا۔

۴۔اس میں حضور کی اتباع تھی

حضرت عمر رضی اللہ تعالی عنہ نے حضرت عباس رضی اللہ تعالی عنہ کو وسیلہ بنا کر دراصل رسالت ماب صلی اللہ علیہ وسلم کی پیروی کی کیونکہ آپ صلی اللہ علیہ وسلم حضرت عباس رضی اللہ تعالی عنہ کی

بزرگی اوور جلالت کا لحاظ رکھا کرتے تھے۔ اور یہ بات حضرت عمر فاروق رضی اللہ تعالی عنہ سے صراحتہ" منقول ہے۔ چنانچہ زبیر بن بکار الانساب میں داؤد کے واسطہ سے اور وہ عطاء اور وہ زید بن اسلم سے اور وہ حضرت ابن عمر رضی اللہ تعالی عنہما سے روایت کرتے ہیں کہ قحط کے سال حضرت عمر فاروق رضی اللہ تعالی عنہما نے حضرت عباس بن عبدالمطلب کا واسطہ دے کر بارش مانگنے کی دعا کی' تفصیلات کے مطابق آپ نے لوگوں سے خطاب فرماتے ہوئے کہا۔ کہ اللہ کے رسول صلی اللہ علیہ وسلم حضرت عباس رضی اللہ تعالی عنہ کو وہ مقام دیتے تھے جیسے بیٹا اپنے والد کو مقام دیتا ہے تو اے لوگو! اللہ کے رسول صلی اللہ علیہ وسلم کی پیروی کرو اور حضرت عباس کو اللہ رب العزت کی بارگاہ میں وسیلہ پیش کرو ابن عمر کہتے ہیں کہ وہ سب اسی حال میں تھے کہ بارش برسنا شروع ہوگئی اسے علامہ بلا ذری نے ہشام بن سعد کے واسطہ سے روایت کیا ہے اور وہ زید بن اسلم اور وہ اپنے باپ سے روایت کرتے ہیں۔

۵۔ دیگر بزرگوں کا وسیلہ بھی جائز ہے

دراصل حضرت عمر فاروق رضی اللہ تعالی عنہ کے اس عمل نے یہ واضح کیا کہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کے علاوہ دیگر اہل اللہ اور اصحاب خیر (جن کی برکت کی امید ہو) کا وسیلہ پکڑنا بھی جائز ہے۔ یہی

وجہ ہے کہ حافظ ابن حجر عسقلانی نے فتح الباری میں اس حدیث توسل کا واقعہ بیان کرنے کے بعد فرمایا ہے کہ حضرت عباس کے واقعہ سے یہ بات بخوبی سمجھی جا سکتی ہے کہ دیگر اہل خیر بزرگ اور اہل بیت کا وسیلہ لینا بھی مستحب ہے۔

۶۔ یہ حضور کا ہی وسیلہ تھا

اللہ رب العزت کی بارگاہ میں حضرت عمر کا حضرت عباس کو وسیلہ پیش کرنا دراصل حضور صلی اللہ علیہ و سلم کو ہی وسیلہ پیش کرنا ہے کیونکہ انہوں نے حضرت عباس کو اس لئے وسیلہ بنایا کہ وہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم کے چچا اور ان کے ہاں صاحب مقام ہیں۔ جیسا کہ حضرت عمر اور حضرت عباس رضی اللہ تعالی عنہما کے کلام سے واضع ہے۔ چنانچہ بخاری شریف میں حضرت انس رضی اللہ تعالی عنہ سے مروی ہے کہ حضرت عمر رضی اللہ تعالی عنہ قحط کے دنوں میں عام طور پر حضرت عباس رضی اللہ تعالی عنہ کو وسیلہ پکڑتے تھے چنانچہ اپ نے کہا اے اللہ حضرت عباس بن عبدالمطلب کے واسطہ سے بارش برسا۔ اور یوں بھی کہا اے اللہ ہم تیری بارگاہ میں اپنے نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کو وسیلہ پیش کیا کرتے تھے تو تو ہم پر بارش برساتا تھا۔ آج ہم تیرے نبی صلی اللہ علیہ وسلم کے چچا کو وسیلہ کے طور پر پیش کرتے ہیں تو ہم پر بارش برسا تو موسلادھار بارش ہوئی جو تھمتی نہ تھی۔ یہ تو

بخاری شریف کے الفاظ ہیں اس میں ان کا یہ کہنا کہ اے اللہ ہم تیری بارگاہ میں تیرے نبی صلی اللہ علیہ وسلم کے چچا کو بطور وسیلہ پیش کرتے ہیں۔ ہمارے مدعی پر صریح دلیل ہے اس سے زیادہ واضح دلیل جو ابن عبدالبر نے "الاستیعاب" میں فرمایا وہ کہتے ہیں کہ حضرت ابن عباس اور حضرت انس رضی اللہ تعالی عنہ نے روایت کیا ہے کہ جب مدینہ منورہ میں قحط پڑ جاتا تو حضرت عمر بن خطاب رضی اللہ تعالی عنہ حضرت عباس کے وسیلہ سے بارش کی دعا کیا کرتے تھے۔ دراصل ۱۷ھ حضرت عمر کی خلافت کے زمانہ میں زمین کی خشکی اپنی انتہا کو پہنچی ہوئی تھی تو حضرت کعب رضی اللہ تعالی عنہ نے عرض کیا اے امیر المومنین جب بنی اسرائیل کو ایسی صورتحال پیش آتی تو وہ اپنے انبیاء کے خاندان کا واسطہ دے کر بارش طلب کیا کرتے تو حضرت عمر رضی اللہ تعالی عنہ نے کہا یہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے چچا آپ کے والد کے بھائی' اور بنی ہاشم کے سردار ہیں۔ یہ کہتے ہوئے عمر فاروق رضی اللہ تعالی ان کی طرف بڑھے اور لوگوں کی قحط کی پریشانی کی وجہ سے شکایت کی پھر حضرت عباس رضی اللہ تعالی عنہ کو ساتھ لے کر منبر پر تشریف لائے اور یوں گویا ہوئے۔ اے اللہ! ہم تیری بارگاہ میں تیرے نبی صلی اللہ علیہ وسلم کے چچا جو آپ صلی اللہ علیہ وسلم والد گرامی کے بھائی ہیں کا واسطہ پیش کرتے ہوئے بارش کی درخواست کرتے ہیں ہمیں نا امید نہ کرنا' حضرت عمر رضی اللہ تعالی عنہ نے کہا اے ابوالفضل آئیے

اور دعا کیجئے الخ اور راوی نے یہ کئی طریقوں سے حضرت عمر سے روایت کیا ہے کہ وہ بارش کی دعا کیلئے نکلے اور ان کے ساتھ حضرت عباس رضی اللہ تعالیٰ عنہ بھی تھے چنانچہ یوں عرض کیا اے اللہ ہم تیری بارگاہ میں تیرے نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کا وسیلہ پیش کرتے ہیں اور ان کی شفاعت طلب کرتے ہیں' اے اللہ اس میں اپنے نبی کی لاج رکھ جیسا کہ تو نے دو بچوں کی ان کے باپ کی وجہ سے حفاظت فرمائی اس طرح باقی ماندہ حدیث کو ذکر کیا اس کے آخر میں ہے خدا کی قسم وہ اس حالت میں رہے یہاں تک کہ لوگ (پھسلنے کی وجہ سے دیواروں سے چمٹے اور اور تہہ بندوں کو اوپر سکیڑ لیا اور وہ (خوشی کی وجہ سے) حضرت عباس کے پاس مصافحہ کیلئے دوڑے' اور کہنے لگے اے ساقی حرمین مبارک ہو' حضرت زبیر بن بکار نے اپنی سند کے ساتھ "الانساب" میں کہا ہے کہ جب حضرت عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے حضرت عباس رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے بارش کی دعا کی درخواست کی تو انہوں نے یوں دعا کی۔ اے اللہ مصیبتیں گناہوں کی وجہ سے نازل ہوتی ہیں۔ اور توبہ سے خلاصی ہو جاتی ہے۔ آج لوگوں نے تیرے نبی کے قرب کی وجہ سے مجھے تیری بارگاہ میں پیش کیا ہے ہمارے یہ ہاتھ گناہوں سے آلودہ ہیں توبہ کیساتھ ہم حاضر ہیں ہمیں بارش عطا کردے' تو پہاڑوں کی طرح بادل اٹھے یہاں تک کہ زمین سرسبز و شاداب ہو گئی اور لوگ خوشی خوشی زندگی بسر کرنے لگے اسے حافظ ابن حجر نے بھی فتح الباری میں ذکر

کیا ہے یہ تمام نصوص ہمارے مدعی پر صراحتاً" دلالت کر رہی ہیں۔ کہ حضرت عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے حضرت عباس رضی اللہ تعالیٰ عنہ کا وسیلہ اس لئے پکڑا کہ ان کا نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کے ہاں مرتبہ و مقام اور قرابت داری ہے۔ تو یہ دراصل حضور صلی اللہ علیہ وسلم کو ہی وسیلہ بنانا ہے اور نہ کہ عمر فاروق رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے عدم توسل بالنبی صلی اللہ علیہ وسلم کا ارادہ کیا۔

وصال نبوی کے بعد صحابی نے آپ سے شفاعت چاہی

• اس کی تائید امام بیہقی کی روایت کردہ حدیث سے بھی ہوتی ہے چنانچہ وہ کہتے ہیں کہ ہمیں ابو نصر بن قتادہ اور ابو بکر فارسی نے خبر دی انہیں ابو عمر بن مصر نے بتایا انہیں ابراہیم بن علی ذہلی نے انہیں ابو معاویہ نے اعمش اور وہ ابو صالح سمان سے اور وہ مالک الدار سے روایت کرتے ہیں جو حضرت عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہ کے خازن تھے کہ حضرت عمر فاروق رضی اللہ تعالیٰ عنہ کے زمانہ میں قحط پڑ گیا ایک آدمی نے رسالت ماب صلی اللہ علیہ وسلم کے روضہ انور کی طرف آکر عرض کیا اے اللہ کے رسول صلی اللہ علیہ وسلم اپنی امت کے لئے اللہ رب العزت سے بارش مانگئے کیونکہ وہ ہلاک ہو گئے ہیں۔ تو رسالت ماب صلی اللہ علیہ وسلم کی اسے خواب میں زیارت ہوئی آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا عمر کے پاس جاؤ اور اسے میرا سلام پہنچاؤ اور اسے بتاؤ کہ

انہیں بارش مل جائے گی اور اسے یہ بھی کہو کہ عقلمندی، عقلمندی سے کام لو تو وہ آدمی حضرت عمر رضی اللہ تعالی عنہ کی خدمت میں حاضر ہوا اور سارا ماجرا سنایا تو عمر فاروق رضی اللہ تعالی عنہ رو دیئے اور کہا۔ اے میرے رب! میں کوتاہی نہیں کرتا، مگر جس سے میں عاجز ہوں۔ اس کی سند صحیح ہے میں نے حافظ ابن حجر کی فتح الباری ج ۲ ص ۳۳۸ مطبوعہ خشاب میں دیکھا کہ انہوں نے اسے ابن ابی شیبہ کی طرف ابو صالح سمان کے واسطہ سے منسوب کیا ہے اور انہوں نے مالک الدار سے انہی مذکورہ الفاظ کے ساتھ روایت کیا ہے۔[1]

اور اس کی سند کو انہوں نے صحیح قرار دیا ہے اور آدمی مذکور حضرت بلال بن حارث مزنی صحابی ہیں جیسا کہ "فتوح" میں اسے سیف نے روایت کیا ہے اور اسے فتح الباری میں حافظ ابن حجر نے نقل فرمایا ہے۔

---

(۱) ابن تیمیہ نے بھی اس اثر کو روایت کیا ہے مگر ایسے اضافہ کے ساتھ جو اس کی کسی سند میں نہیں انہوں نے "اقتضاء صراط مستقیم" میں دوران گفتگو یہ کہا ہے کہ ایک آدمی قحط کے زمانہ میں حضور صلی اللہ علیہ وسلم کے روضہ کی طرف آیا اور قحط کی شکایت کی تو حضور صلی اللہ علیہ وسلم اس کے خواب میں آئے اور فرمایا عمر کے پاس جا کر بتاؤ وہ لوگوں کو ساتھ لے کر باہر دعا و استغفار کرے یہ ابن تیمیہ کے ان خرافات میں سے جن سے اپنے مقاصد حاصل کرنا چاہتا ہے اس کا مقصد یہ ہے کہ آپ صلی اللہ علیہ وسلم وصال کے بعد کسی کیلئے شفاعت نہیں کرتے کیونکہ انہوں نے یہ معاملہ عمر فاروق رضی اللہ تعالی عنہ کے سپرد کیا ہے یہ نص میں تحریف ہے۔ اور اس میں زیادتی باطل سوچ کی دلیل ہے (مصنف)

فاروق اعظم کی تائید

چنانچہ حضرت عمر رضی اللہ تعالی عنہ نے حضرت بلال بن حارث کو فعل مذکور پر منع نہیں فرمایا اور نہ تنبیہہ فرمائی۔ اگر ان کے اجتہاد میں توسل بالنبی صلی اللہ علی وسلم ممنوع ہوتا تو وہ بلال سے خاموش نہ ہوتے بلکہ سختی سے انہیں منع فرماتے، حق کہنے کے معاملہ میں حضرت عمر کی شدت، محتاج تعارف نہیں اور نہ کسی دلیل کی ضرورت ہے۔

۵۔ ابن تیمیہ نے ابن ابی خیثمہ کی حماد بن سلمہ کے واسطہ سے اس اضافہ والی "فان کانت حاجۃ فافعل مثل ذلک" روایت کو معلل قرار دیا ہے حالانکہ یہ اضافہ صحیح ہے۔ اس کی سند صحیح کی شرط پر ہے ابن تیمیہ نے کمزور قسم کے اعتراض کے ساتھ اس اضافہ کو ضعیف قرار دیا ہے فن حدیث کے ایسے عالم سے اس کا صدور اس کی شان کے لائق نہیں ہے ہم فن حدیث کے قواعد کے مطابق علمی مناقشہ پیش کرتے ہیں۔

ابن تیمیہ نے کہا ہے۔

کہ اس اضافہ کو شعبہ اور روح بن قاسم نے روایت نہیں کیا ہے حالانکہ حماد سے ان دونوں کا حافظہ قوی تر تھا ہم کہتے ہیں کہ کیا ہوا؟ کیا حماد، صحیح کے رجال میں سے ثقہ نہیں ہے؟

اور ثقہ کا اضافہ مقبول ہوتا ہے

۲۔ اس نے یہ بھی کہا ہے کہ الفاظ کا اختلاط دلالت کرتا ہے کہ ایسی روایت کبھی کبھی بالمعنی بھی ہوتی ہے ہم کہتے ہیں کہ "کبھی کبھی" کے ساتھ تعبیر کرنا یہ بات دلالت کرتی ہے کہ آپ کے دعوی کی صحت ثابت نہیں اور آپ اس کو ثابت کر بھی نہیں کر سکیں گے۔ کیونکہ یہ آپ بھی جانتے ہیں کہ علماء میں سے کسی ایک نے بھی ایسے لفظ کی زیادتی کو جائز نہیں قرار دیا جس کا اس حدیث سے تعلق نہ ہو۔ برابر ہے کہ اس نے روایت بالمعنی کو جائز قرار دیا ہو یا نہ۔

۳۔ اس نے کہا ہے کہ یہ کلام عثمان سے مدرج ہو' ہم کہتے ہیں یہ دعوی بھی پہلے کی طرح ہے اور ادراج کے لئے دلیل کا ہونا ضروری ہے اور وہ دلیل کہاں ہے؟

۴۔ اس نے کہا اگر یہ ثابت ہو بھی جائے تو یہ حجت نہیں بن سکتی زیادہ سے زیادہ ہو سکتا ہے کہ عثمان بن حنیف نے خیال کیا کہ یہ دعا بعض کے لئے مانگی جا سکتی ہے۔ اور بعض کے لئے نہیں۔

ہم کہتے ہیں بلکہ یہ تمہارے اور تمہارے حواریوں کے خلاف حجت قاطعہ ہے باقی جو تو نے عثمان بن حنیف کے بارے کہا ہے کہ وہ تمہارے اس خیال پر مبنی ہے۔ کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے اس نابینا کے لئے دعا مانگی تھی اور تیرا خیال باطل ہے اگر دعا نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کی طرف سے مانگی جاتی تو حضرت عثمان جنہوں نے اس واقعہ کا مشاہدہ کیا اور نقل کیا وہ ضرور اس بات کو بھی بیان کرتے'

اگر حضور صلی اللہ علیہ وسلم اس نابینا کے لئے دعا مانگنا چاہتے جیسا کہ دوسروں کے لئے مانگا کرتے تھے تو ضرور اس کے لئے دعا کرتے پھر وضو، نماز پھر دعا کا حیلہ وغیرہ نہ بتاتے اگر یہ مان بھی لیا جائے کہ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے ہی دعا مانگی تھی تو یہ اس حدیث کی تخصیص و تقیید کا تقاضا نہیں کرتی۔

۵۔ اس نے کہا یہ اضافہ حدیث کے منافی ہے ہم کہتے ہیں کہ ہاں مگر تیرے اور حواریوں کی نگاہ میں، لیکن جو انصاف پسند علماء ہیں ان کے نزدیک یہ حصہ پوری حدیث کے ساتھ پیوست ہے اور تیرے دعوی پر مدرج ہے کیا حضرت عثمان رضی اللہ تعالی عنہ میں غفلت اور بلاہت تھی؟ کہ انہوں نے حدیث کے منافی حصہ کو اس میں درج کر دیا اور انہیں پتہ بھی نہ چلا یہ تو بہت ہی عجیب چیز ہے۔

۶۔ اس نے یہ بھی کہا ہے کہ اصحاب سنن نے اس حدیث سے اعراض کیا ہے، ہم کہتے ہیں کیا ہوا؟ کیا ہر حدیث سنن میں ہے کیا یہ واہی قسم کی تعلیل تو نے اپنی خواہش کے مخالف کے رد کے لئے گھڑی ہے؟ اور تیری ذریت نے آنکھیں بند کر کے تیری پیروی کر ڈال حالانکہ اس سے پہلے آپ نے خود اعتراض کیا ہے کہ ترمذی اور ں کے ساتھیوں نے الفاظ حدیث کا پورا استیعاب نہیں کیا جتنا کہ باقی محد ثین نے کیا ہے اب آپ نے ان کے عدم استیعاب کو 'ایک زیادتی کو کمزور بنانے کے لئے حجت بنایا ہے جس کی سند بالکل صحیح ہے کیا ہی یہ انوکھا تناقض ہے؟

مذکورہ حدیث کی توسل پر دلالت

اس باب میں ہم یہ واضح کریں گے کہ اس حدیث سے توسل بالنبی صلی اللہ علیہ وسلم کیسے ثابت ہوتا ہے؟ جب ہم حدیث مذکور پر وہابیہ کی طرف سے عائد کردہ اعتراضات کے جوابات دے چکے ہیں تو چاہتے ہیں واضح کریں کہ حدیث مذکور نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کو وسیلہ بنانے کے جواز پر کیسے اور کن کن صورتوں میں دلالت کرتی ہے تو ہم کہتے ہیں یہ تمام صورتوں میں وسیلہ کے جواز پر دلالت کرتی ہے۔ آپ صلی اللہ علیہ وسلم موجود ہوں یا نہ، قبل از وصال ہو یا بعد از وصال۔

ا۔ اس میں دوسرے بھی شامل ہیں

اس حدیث کریمہ کے ورود کا سبب اگرچہ ایک نابینا صحابی کا سوال تھا لیکن دوسرے لوگ بھی اس میں شامل ہیں کیونکہ احکام شرعیہ میں سب لوگ برابر ہیں اور اس میں کسی شک وشبہ کی گنجائش نہیں ہے۔

۲۔ اعتبار عموم الفاظ کا ہوتا ہے

حدیث میں خطاب اگرچہ ایک نابینا آدمی کی طرف ہے لیکن شرع

یَ روسے سے اسے عموم پر محمول کیا جائے گا۔ اہل علم کا متفقہ فیصلہ اجماع ہے کہ شارع کے خطابات عموم پر محمول ہوں گے اگرچہ ان کا مورد خاص کیوں نہ ہو وہاں اگر کوئی مخصص (خاص کرنے والی دلیل) آجائے تو خصوص مراد ہو گا اور ایسی کوئی دلیل یہاں نہیں ہے۔

۳۔ امت کے لئے حکم عام

نابینا شخص نے درخواست کی کہ سرکار دو عالم صلی اللہ علیہ وسلم اس کے لئے دعا کریں تو آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے اسے دعاء مذکور سکھائی، آپ صلی اللہ علیہ وسلم کا خود دعا نہ مانگنا بلکہ اسے سکھا دینا اور وسیلہ کے ساتھ دعا کرنے کا حکم فرمانا اس بات کی دلیل ہے کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم کا ارادہ امت کے ہر فرد کے لئے حکم عام ہے کسی ایک کیساتھ تخصیص مقصود نہیں۔

۴۔ دعا بھی نماز کی طرح ہر ایک کے لئے بہتر ہو گی

حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے نابینا آدمی کو نماز اور دعا کی ہدایت فرمائی اور نماز اجماعاً" تمام لوگوں کے لئے جائز و مشروع ہے تو اسی طرح دعا بھی ہر شخص کے لئے جائز ہو گی وگرنہ اس تفریق کی وجہ سے حدیث کے ایک حصہ کا بلا دلیل رد کرنا لازم آئیگا۔ جو قابل قبول نہیں ہے۔

۵۔ ہمارے لئے سنت کا درجہ ہے

اگر ہم یہ فرض کرلیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے خود بنفس نفیس نابینا کے لئے دعا فرمائی حالانکہ حدیث اس پر دلالت نہیں کرتی۔ تو آپ صلی اللہ علیہ وسلم کا دعا کرنا عام حالتوں میں توسل کے جواز پر دلالت کرے گا کیونکہ علم اصول میں یہ بات ثابت ہے کہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم کا کسی شی کو بجا لانا اس کے جواز پر دلالت کرتا ہے اس لئے کہ آپ صلی اللہ علیہ وسلم کبھی بھی حرام یا مکروہ کا ارتکاب نہیں کرتے اور ہمارے لئے یہ سنت کا درجہ رکھتی ہے کیونکہ اللہ رب العزت نے خود فرمایا(لقد کان لکم فی رسول اللّٰہ اسوۃ حسنۃ)

۶۔ آپ خود وضاحت فرما دیتے

اگر یہ حدیث اسی نابینا کے ساتھ خاص ہوتی یا آپ کی موجودگی کے ساتھ خاص اور عدم موجودگی میں ناجائز ہوتی یا آپ کی یہ دنیا میں ظاہری حیات کے ساتھ خاص ہوتی اور بعد از وصال جائز نہ ہوتی تو آپ صلی اللہ علیہ وسلم اس کی وضاحت فرما دیتے جیسا کہ آپ نے حضرت ابوبردہ رضی اللہ تعالی عنہ کو فرمایا کہ ایک سال سے کم عمر کی بکری تمہارے لئے جائز ہے تیرے سوا کسی اور کے لئے نہیں' یہ حدیث حضرت براء بن عازب کے روایت کردہ متفق علیہ ہے۔

۷۔ بوقت ضرورت بیان میں تاخیر ممنوع ہے

اگر یہ حدیث فقط اس نابینا کے ساتھ' یا موجودگی' یا حیات ظاہری کے ساتھ ہی خاص ہوتی اور پھر حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے اس کو بیان بھی نہیں فرمایا تو لازم آتا ہے کہ وقت حاجت میں بیان میں تاخیر ہو گئی اور یہ ممنوع ہے کیونکہ اس صورت میں انسان کو اس چیز کا مکلف کرنا ہے جس کا اسے علم نہیں ہے۔

۸۔ دوسری روایت سے تائید

ابن ابی خیثمہ کی روایت میں "تمہیں جب بھی ضرورت ہوں ایسا کرلیا کروں" عموم پر اس قدر واضح دلیل ہے جو کسی سے مخفی نہیں۔

۹۔ صحابی نے اسے عموم پر ہی محمول کیا

حضرت عثمان بن حنیف جو اسی حدیث کے راوی اور اس کی مراد کو بہتر جانتے ہیں انہوں نے بھی اسے عموم پر ہی محمول کیا ہے۔ کیونکہ انہوں نے اس شخص کو اس حدیث کی طرف رہنمائی کی جسے حضرت عثمان بن عفان رضی اللہ تعالی عنہ کے پاس کام تھا جو اتنے انتظار کے باوجود بھی پورا نہیں ہو رہا تھا۔

۱۰۔ ترمذی کی شہادت

اس حدیث کو امام ترمذی نے اپنی جامع میں ذکر کیا جیسا کہ گزرا اور

اپنی "کتاب العلل" میں یوں فرماتے ہیں اس کتاب میں جتنی بھی حدیثیں ہیں ان پر عمل ہے اور اہل علم انہیں سند کے طور پر پیش کرتے ہیں سوائے دو حدیثوں کے، پہلی حضرت ابن عباس رضی اللہ تعالی عنہ کی روایت کردہ حدیث کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے مدینہ منورہ میں ظہر اور عصر کو اور مغرب و عشاء کو جمع فرمایا حالانکہ نہ خوف تھا نہ سفر اور نہ بارش تھی۔ اور دوسری حدیث کہ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا جب کوئی شراب پیئے تو اسے کوڑے مارو، اور اگر چوتھی مرتبہ اس کا اعادہ کرے تو اسے قتل کر دو ہم نے اپنی کتاب میں ان دونوں حدیثوں میں علت کو بیان کر دیا ہے۔

بہر حال امام ترمذی کی یہ وضاحت دلالت کرتی ہے کہ حدیث توسل نابینا قابل عمل بلکہ اس پر عمل کیا جاتا ہے کیونکہ امام ترمذی نے جہاں ان دو حدیثوں کو مستثنیٰ کیا ہے اسے بھی مستثنیٰ کر دیتے حالانکہ ان دونوں حدیثوں پر بھی عمل کیا جاتا ہے۔ جیسا کہ امام ابن سیرین، اشہب مالکی، ابن المنذر، اور شوافع میں سے شاشی کبیر نے اسے دلیل کے طور پر لیا ہے چنانچہ وہ حضرات بغیر کسی عذر کے گھر میں جمع کو جائز قرار دیتے ہیں لیکن شرط یہ ہے کہ وہ آدمی یہ عادت نہ بنالے اور مغرب کے شاذلیوں کی بھی یہی دلیل ہے کیونکہ جب مجلس ذکر لمبی ہو جائے تو وہ مغرب اور عشاء کو جمع کر کے لیٹ پڑھتے ہیں جیسا

کہ میرے بھائی علامہ سید محمد زمزمی نے اپنی کتاب (الانتصار بطریق الصوفیۃ الاخیار) میں اور ہمارے حقیقی بھائی حافظ ابوالفیض نے اپنی کتاب (ازالہ الخطر عمن جمع بین الصلاتین فی الحضر من غیر خوف ولامطر) میں بیان کیا ہے وہ اس کتاب میں ایسے علمی مناقشات اور مباحث لائے ہیں جن کی وجہ سے یہ اپنے موضوع پر نفیس ترین کتاب شمار ہوتی ہے۔ وہ مصر سے طبع ہو چکی ہے۔

اوردوسری حدیث کو حافظ ابو محمد ابن حزم نے بطور حجت لیا ہے اور ''المحلیٰ'' میں قاسم بن اصبغ کے واسطہ سے عبداللہ بن عمرو بن العاص سے روایت کیا گیا ہے وہ کہتے ہیں کہ شیخ ابن حزم نے ایک مرتبہ فرمایا۔ اس آدمی کو میرے پاس لاؤ جس پر شراب پینے کی حد قائم کی گئی ہو' میں نے اسے قتل نہ کیا تو جھوٹا کہا جاؤں۔

۱۱۔ حفاظ اور ناقدین کی شہادت

حفاظ اور ناقدین حدیث نے بھی اس حدیث سے عموم سمجھا ہے انہوں نے اپنی کتابوں میں ایسے عنوانات قائم کئے ہیں جن کے نیچے یہ حدیث لائے ہیں۔ اس سے بھی یہی پتہ چلتا ہے۔ چنانچہ امام ترمذی حاکم' اور بیہقی نے اپنی کتابوں میں دعاؤں کے باب میں لکھا ہے کہ یہ حدیث ان منقول مشروع دعاؤں میں سے ہے جن کا سرکار دو عالم صلی اللہ علیہ وسلم نے حکم دیا ہے ابن ماجہ' منذری اور ہیثمی نے کتاب

الصلواۃ کے باب التطوع والنفل کے ضمن میں اسے ذکر کیا ہے اور امام نووی اذکار صلاۃ الحاجہ کی بات بیان کرتے ہوئے فرماتے ہیں کہ جب کوئی ضرورت یا حاجت پیش آ جائے تو اس وقت یہ ذکر کئے جائیں۔ اس حدیث کے قابل عمل ہونے پر تمام محدثین کا اتفاق ہے اور اس پر بھی اتفاق ہے کہ یہ تمام حالتوں میں تمام لوگوں کیلئے عام ہے۔ اگر یہ حدیث اس نابینا شخص کے ساتھ خاص ہوتی یا کسی خاص حالت میں مشروع ہوتی تو اسے کتب احکام وغیرہ میں ذکر کرنے کا کوئی فائدہ نہیں اور پھر محدثین بھی خبردار کرتے یہ حدیث قابل عمل نہیں' یا مخصوص حالت میں مشروع ہے یا منسوخ ہے جیسا کہ انہوں نے بعض دوسری حدیثوں کے معاملہ میں کیا ہے۔ اور یہ بالکل واضح ہے۔

۱۲۔ کلام شارع میں اصل چیز جو واجب ہے

وہ یہ ہے کہ حکم میں تمام لوگوں کی برابری ہو ایک انسان کا دوسرے سے' اسی طرح ایک حالت کا دوسری حالت سے' فرق نہیں ہاں البتہ کچھ لوگوں کے ساتھ یا ٹائم کی تخصیص کی کوئی دلیل آ جائے تو اس پر عمل کیا جائے گا اور جب یہاں پر ان تمام میں سے کوئی چیز نہیں تو حدیث کو نابینا کے ساتھ یا حضور و حیات کی حالت کے ساتھ خاص کرنا خلاف اصل ہے۔ بلکہ جو شخص' تخصیص کا مدعی ہے اس سے تخصیص کی دلیل کا مطالبہ کیا جائے گا۔ اور دلیل مندرجہ ذیل امور میں سے ہی ہو سکتی ہے۔

توسل پر تین اعتراضات

ا۔ اس حدیث میں دعا مذکور پر عمل کیا جائے تو لوگوں کو وہم میں ڈالتی ہے کہ دعا میں وسیلہ ضروری ہے۔ اور یہ ممنوع و غلط ہے۔ کیونکہ یہ ان قرآنی آیات کے منافی ہے۔ جو دلالت کرتی ہیں کہ اللہ رب العزت نے اپنے اور اپنے بندوں کے درمیان ہر قسم کے وسیلہ کو ناجائز قرار دیا ہے(واذاسئالک عبادی عنی فانی قریب اجیب دعوۃ الداع اذا دعان) اور اے محبوب جب تم سے میرے بندے مجھے پوچھیں تو میں نزدیک ہوں' دعا قبول کرتا ہوں پکارنے والے کی جب مجھے پکارے)

(وقال ربکم ادعونی استجب لکم)

اور اس لئے بھی کہ ایسے عقیدہ سے مشرکین کے ساتھ مشابہت لازم آتی ہے۔ کہ انہوں نے بھی تو اپنے زعم باطل میں اللہ رب العزت کی طرف کئی واسطے بنا رکھے تھے۔ تو لہذا جو دعا ممنوع چیز کی طرف لے جائے وہ خود ممنوع ہے۔ اور جب کبھی شارع سے کسی خاص موقع پر حکم آ جائے تو اسے وہاں پر ہی بند رکھیں گے۔ اس پر آگے قیاس نہیں کریں گے۔ تو اس لئے یہ حدیث اس نابینا کے ساتھ ہی خاص ہے۔

۲۔ حضور صلی اللہ علیہ وسلم اس فرمان میں (یا محمد انی

اتوجه بک الی ربی) نداء اور خطاب ہے اور یہ زندہ اور حاضر کوہوتے ہیں غائب اور میت کو نہیں ہوتے لہٰذا یہ حدیث رسالت ماب صلی اللہ علیہ وسلم کی حیات اور موجودگی کے ساتھ خاص ہے۔
- صحابہ کرام رضوان اللہ علیہم اجمعین نے آپ صلی اللہ علیہ وسلم کے وصال کے بعد آپ صلی اللہ علیہ وسلم کو وسیلہ نہیں بنایا بلکہ انہوں نے حضرت عباس رضی اللہ تعالیٰ عنہ وغیرہ (جو حیات تھے) کو وسیلہ بنایا' تو رسالت ماب صلی اللہ علیہ وسلم کے وصال کے بعد صحابہ کرام کا آپ سے توسل ترک کرنا "حالانکہ وہ آپ کے حضور و حیات میں آپ ہی کو وسیلہ بنایا کرتے تھے" دلیل ہے اس بات کی کہ یہ حدیث حیات و حضور دونوں حالتوں کے ساتھ خاص ہے۔ وہابیوں کے زعم باطل میں تخصیص حدیث کے یہ فیصلہ کن دلائل ہیں۔ ہم کہتے ہیں کہ یہ سب کا سب باطل ہے۔

فیصلہ کن جوابات

جہاں تک پہلی دلیل کا تعلق ہے اس کا بطلان بالکل واضح ہے کیونکہ ایہام مذکور محض وہم اور خیال ہے اس لئے کہ اس دعا میں ادنی سا بھی ایہام کا شائبہ ہوتا تو آپ صلی اللہ علیہ وسلم سے مخفی نہ رہتا حالانکہ آپ نے ہی اس نابینا کو اس دعا کی تلقین فرمائی اور فرمایا کہ یہ دعا پڑھو' آپ صلی اللہ علیہ وسلم تو شرک اور اسباب شرک کو مٹانے کے لئے تشریف لائے' یہ عقلی طور پر ناممکن ہے کہ آپ صلی

اللہ علیہ وسلم اپنی امت کے کسی فرد کو شرک کی تعلیم دیں، جس سے ان کا عقیدہ مشرکوں کا سا ہو جائے، یہ بات تو سرے سے ہی باطل ہے اور رہی دوسری دلیل اسے تین چیزیں باطل کرتی ہیں۔

ا۔ علماء کرام کا اجماع ہے کہ آپ صلی اللہ علیہ وسلم اپنی قبر انور میں زندہ ہیں امام ابن حزم نے (المحلی) اور امام سخاوی نے "القول البدیع" میں اس اجماع کو نقل کیا ہے یہی وجہ ہے کہ مالکیوں کا فتوی ہے کہ اگر کسی شخص نے آپ صلی اللہ علیہ وسلم کی طلب پر لبیک کہتے ہوئے نماز میں بات کی تو اس کی نماز باطل نہیں ہو گی، برابر ہے کہ یہ آپ صلی اللہ علیہ وسلم کی ظاہری حیات میں ہو یا آپ صلی اللہ علیہ وسلم کے وصال کے بعد، ان میں سے کسی نے اس معاملہ میں بطور پہیلی بات کہی ہے۔

یا فقیہا شخص تکلم عمداً
فی صلاۃ ولم یکن اصلاحاً
لصلاۃ و بعد ھذا فقلتم
تلک صحت و حاز ھذا نجاحاً

(اے فقیہ، کسی شخص نے نماز میں جان بوجھ کر بات کی اور اس نے اپنی نماز کی اصلاح بھی نہ کی اس کے باوجود تم کہتے ہو کہ اس کی نماز صحیح ہے اور اس نے کامیابی کو جمع کیا)

۲۔ وہ حدیثیں جو دلالت کرتی ہیں کہ اعمال امت بارگاہ رسالت میں

پیش کیئے جاتے ہیں اور آپ صلی اللہ علیہ وسلم کا علم بعد از وصال ایسا ہے جیسا کہ قبل از وصال اس دنیا میں تھا حدیث کی کتابوں اور فضائل نبوی میں اپنے مقام پر تفصیل کے ساتھ موجود ہے۔ اس موضوع پر ہماری لاجواب کتاب (نهاية الامال فی صحة حديث عرض الاعمال) دیکھو[1]

۳۔ نماز کی تشہد میں "السلام علیک ایھاالنبی ورحمة الله وبركاته" کے پڑھنے پر نصوص متواترہ سے اجماع امت ثابت ہے اور یہ نداء اور خطاب آپ صلی اللہ علیہ وسلم کے وصال کے بعد ہے' اور یہ ناممکن ہے کہ امت ایسے میت کے خطاب اور نداء پر اجماع کرے جسے کسی قسم کی معرفت اور شعور نہ ہو تو یہ صورت بھی اپنی اساس سے ہی باطل ہے۔

اور تیسری صورت بھی کئی وجوہ سے باطل ہے۔

ا۔ آپ صلی اللہ علیہ وسلم کے وصال کے بعد صحابہ کرام کا توسل بالنبی کو بالکل ترک کرنا مسلم نہیں ہے بلکہ حضرت عثمان بن حنیف اور حضرت بلال مزنی کے عمل سے اس چیز کا رد ہوجاتا ہے اس کی تفصیل گزر چکی ہے۔

۲۔ اگر یہ بھی تسلیم کر لیا جائے کہ صحابہ کرام نے بالکل توسل بالنبی

---

[1] الحمد للہ اس کتاب کا ترجمہ بھی فقیر نے کیا ہے جو نگاہ نبوت اور مشاہدہ اعمال امت کے نام سے چھپ چکا ہے۔ (سعیدی)

ترک کر دیا تھا' تو احتمال ہے کہ یہ ترک اتفاقی طور پر ہو' یعنی ان کی نظر میں یہ ممنوع نہیں تھا بلکہ اتفاقی طور پر انہوں نے چھوڑ دیا تھا اور یہ بھی احتمال ہے کہ ان کی نظر میں یہ جائز نہیں تھا' اور یہ بھی احتمال ہے کہ ان کی نظر میں جائز تھا لیکن دوسرا ان کے نزدیک افضل ہو' تو انہوں نے اسے چھوڑ کر افضل کی طرف رجوع کیا ہو' اور یہ بھی احتمال ہے کہ انہوں نے اسے اس لئے چھوڑا ہو کہ باقی دعاؤں اور عبادات کو چھوڑ کر اسے عادت نہ بنا لیا جائے ان کے علاوہ اور بھی احتمالات ہو سکتے ہیں جو ہم پہلے توسل عمر بالعباس رضی اللہ تعالی عنہ کے ضمن میں بیان کر آئے ہیں اور قاعدہ ہے کہ جس دلیل میں احتمال آ جائے تو اس سے استدلال باطل ہو جاتا ہے۔

۳۔ ہم کہتے ہیں کہ یہ عملی طور پر ترک ہے یعنی صحابہ کرام نے آپ صلی اللہ علیہ وسلم کے وصال کے بعد توسل بالنبی ترک کر دیا تھا اور صرف چھوڑنا (یعنی ترک عمل) کسی چیز کے عدم جواز کی دلیل نہیں بن سکتا جب تک کہ وہاں نص نہ ہو جو بتائے کہ جو چیز چھوڑ دی گئی ہے وہ ممنوع ہے۔ زیادہ سے زیادہ اس سے یہ ثابت ہو گا کہ اس فعل کا ترک جائز ہے اس سے یہ ہرگز لازم نہیں آتا کہ جس کو چھوڑ دیا گیا ہے وہ ممنوع اور ناجائز ہے۔ اس کیلئے تو الگ دلیل کا ہونا ضروری ہے۔

یہی وجہ ہے کہ ایک شہر میں کئی مقامات پر جمعہ کا پڑھا جانا اگر کوئی شخص کہے کہ ممنوع ہے کیونکہ رسالت ماب صلی اللہ علیہ وسلم اور خلفاء راشدین کے زمانہ میں مدینہ منورہ میں فقط ایک جگہ پر جمعہ پڑھا گیا، تو یہ دلیل کمزور ہے کیونکہ عدم عمل، کسی چیز کے ممنوع اور ناجائز ہونے کی دلیل نہیں ہو سکتی، علماء کی کثیر تعداد نے ایک شہر میں متعدد مقامات پر جمعہ کو جائز قرار دیا ہے۔ جیسا کہ امام عطاء بن ابی رباح، داؤد الظاہری، ابن حزم، ابن عربی معافری مالکی، ان کے علاوہ بہت سارے علماء نے فتوی دیا ہے کہ مجبوری ہو یا نہ، دونوں صورتوں میں ایک شہر میں متعدد مقامات پر جمعہ ہو سکتا ہے انہوں نے اللہ رب العزت کے اس قول سے عموم مراد لیا ہے یایھا الذین آمنوا اذا نودی للصلاۃ من یوم الجمعۃ فاسعوا الی ذکر اللہ وذروا البیع

(اے ایمان والوں جب نماز کی اذان ہو جمعہ کے دن تو اللہ کے ذکر کی طرف دوڑو، اور خرید و فروخت چھوڑ دو)۔

انہوں نے اس طرف بالکل توجہ نہ دی کہ نہ تو صحابہ کرام اور نہ ہی تابعین عظام کے عہد میں متعدد ہوا۔ ابن عربی رحمہ اللہ علیہ کی اس موضوع پر تصنیف ہے جس کے بارے علامہ شیخ ہمارے والد گرامی نے ہمیں بتایا۔

سوال= اگر یہ کہا جائے : کہ محض صحابہ کرام کا توسل بالنبی کا

چھوڑنا دلیل نہیں بلکہ دلیل دونوں حالتوں کی تفریق ہے کیونکہ صحابہ کرام آپ صلی اللہ علیہ و سلم کی حیات ہیں آپ کو وسیلہ بناتے تھے' لیکن جب آپ صلی اللہ علیہ و سلم کا انتقال ہو گیا' تو انہوں نے توسل بالنبی ترک کر دیا یہی ہماری دلیل ہے اور اس کا جواب مطلوب ہے۔

جواب= یہ سوال بھی ان کے لئے مفید نہیں' کیونکہ جمعہ کی حالت بھی بالکل اسی طرح ہے اصل میں صحابہ کرام عوالی مدینہ وغیرہ میں رہا کرتے وہ نمازیں اپنی اپنی مسجدوں میں پڑھا کرتے تھے لیکن جب جمعہ کا دن آتا تو دربار مصطفیٰ صلی اللہ علیہ و سلم کی حاضری کو ترجیح دیتے تھے' چنانچہ وہ جمعہ کی نماز سرکار دو عالم صلی اللہ علیہ و سلم کے ساتھ پڑھا کرتے تھے اسی طرح وہ خلفاء راشدین کے عہد مبارک میں کرتے تھے جس نے بھی تعدد جمعہ کو منع کیا ہے اس کا بڑا شبہ یہی ہے۔ لیکن اس شبہ نے انہیں کوئی فائدہ نہیں دیا اس لئے کہ جو لوگ تعدد جمعہ کو جائز قرار دیتے ہیں۔ انہوں نے واضح کر کے بیان کر دیا' مخالفین کی زیادہ سے زیادہ یہ دلیل نہیں بن سکتی ہے کہ انہوں نے تعدد کو چھوڑا اور آپ صلی اللہ علیہ و آلہ و سلم اور آپ کے خلفاء نے اسی کو برقرار رکھا یہ منع تعدد کی دلیل بن سکتی اور یہاں بھی ہم یہی کہتے ہیں کہ زیادہ سے زیادہ ثابت ہو گا کہ صحابہ کرام نے آپ صلی اللہ علیہ و سلم کے وصال کے بعد توسل بالنبی کو ترک کر دیا تھا۔ ہر شخص جانتا ہے کہ منع توسل پر یہ دلیل کافی نہیں ہے۔

۴۔ اگر یہ تسلیم کر لیا جائے کہ صحابہ کرام نے آپ صلی اللہ علیہ وسلم کے وصال کے بعد توسل بالنبی چھوڑ دیا تھا تو زیادہ سے زیادہ اس سے اجماع سکوتی ثابت ہو گا۔ ان میں سے کسی سے بھی یقینی طور پر منع توسل کی صراحت ثابت نہیں اور رہا اجماع سکوتی تو اس کی حقیقت' نام اور حجیت میں اختلاف کیا گیا ہے ایسی حالت میں وہ کیسے ایک شرعی دلیل کے لئے مخصص بن سکتا ہے جس کی حجیت میں کوئی اختلاف نہیں' امام علامہ علاء الدین قونوی شرح تعرف میں اس موضوع پر گفتگو کرتے ہوئے فرماتے ہیں کہ ابوالقاسم اصبہانی نے حضرت انس بن مالک رضی اللہ تعالی عنہ سے "الترغیب والترہیب" میں روایت کیا ہے کہ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا جس نے جمعہ کے دن اور رات میں مجھ پر سو مرتبہ درود پڑھا' اللہ رب العزت اس کی سو حاجتوں کو پورا فرمائے گا۔ ستر آخرت کی اور تیس دنیا کی اللہ رب العزت ان کے لئے ایک فرشتہ مقرر فرمائے گا جو میری بارگاہ میں تمہارے درود ایسے پیش کرے گا جیسے تمہارے تحائف تم پر پیش کئے جاتے ہیں یاد رکھو وصال کے بعد میرا علم ایسے ہی ہو گا جیسا کہ اس دنیا میں اب ہے۔ ایسی بہت ساری حدیثیں ہیں۔ جو ان بدعتیوں کا رد کرتی ہیں۔ جنہوں نے اس زمانے میں نئی نئی باتیں گھڑلی ہیں۔ اور آپ صلی اللہ علیہ وسلم کے وصال کے بعد آپکے وسیلے کا انکار کرتے ہیں۔ ان میں سے کسی (ابن تیمیہ کے شاگرد) نے کچھ باتیں جمع کی ہیں

جن میں آپ صلی اللہ علیہ وسلم کے وصال کے بعد علم کی نفی کی ہے۔ اور کسی نے تو آپ کی حیات اور وصال کے درمیان تفریق کی ہے اور کہا کہ آپ صلی اللہ علیہ وسلم کی حیات اور وفات کا فرق صحابہ کرام میں مسلم تھا یہی وجہ کہ امیرالمومنین حضرت عمر رضی اللہ تعالی عنہ نے بارش طلب کرتے ہوئے حضرت عباس کو وسیلہ بنایا' اور یہ بھی کہا کہ اگر یہ تفریق صحابہ کے ہاں واضع نہ ہوتی تو حضرت عمر رضی اللہ تعالی عنہ (باوجود آپ کی جلالت و بزرگی' خلیفہ راشد ہونے کااور ہر معاملہ میں صحابہ سے مشورے لینے) آپ صلی اللہ علیہ وسلم کی قبر کو چھوڑ کر کسی اور کی طرف نہ جاتے۔

یہ اس بدعتی جاہل کے الفاظ ہیں جس کے خلاف اس طریقے کی چیزوں کے معاملہ میں دلائل اور گواہ قائم ہوئے اور اس پر ۷۲۵ھ کے کئی مہینوں میں 'قید' سزا' اور جلا وطنی کی انتہائی تعزیز لگائی گئی اور یہ سب کچھ قاہرہ میں ہوا' اور یہ ساری گفتگو یعنی' دونوں حالتوں کی تفریق اور حضرت عمر کا بارش کی طلب میں حضرت عباس کی طرف رجوع کرنا اس کی اپنی باتیں نہیں تھیں۔ بلکہ اس کے شیخ (ابن تیمیہ) کی تھیں کیونکہ جب اس نے کئی سالوں سے برسالت ماب صلی اللہ علیہ وسلم کے ساتھ توسل کی نفی کی بات کو ظاہر کیا تو اس کے سامنے حدیث استسقاء پیش کی گئی۔ تو گھبرا کر دونوں حالتوں کی تفریق کی طرف آگیا' لیکن حدیث مذکور میں بھی اسے کچھ نہ مل سکا کیونکہ حضرت عمر رضی

اللہ تعالیٰ عنہ کا ارادہ یہ تھا کہ وہ حضرت عباس رضی اللہ تعالیٰ عنہ کو آگے کریں۔ اور خود آپ بھی ان کے ساتھ شریک ہوں' تو یہ بعد از وصال حضور صلی اللہ علیہ وسلم کے ساتھ ممکن نہ تھا' جہاں تک خود حضور صلی اللہ علیہ وسلم کی ذات کے ساتھ توسل کا تعلق ہے۔ تو ہم نہیں مانتے کہ حضرت عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہ بعد از وصال بالکل چھوڑ دیا تھا' باقی حضرت عباس رضی اللہ تعالیٰ عنہ کو آگے کرنا تاکہ لوگوں کیلئے دعا مانگیں' یہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم کے ساتھ توسل کے جواز کے منافی نہیں ہے۔

اور حضرت انس کی وہ حدیث جسے انہوں نے ابوالقاسم اصبہانی کی طرف منسوب کیا ہے اسے دیلمی اور ابو عمرو وغیرہ نے بھی روایت کیا ہے اس کا اسناد ضعیف ہے لیکن ہمارے آپ صلی اللہ علیہ وسلم پر درود بھیجنے کی احادیث تو حد تواتر کو پہنچی ہوئی ہیں اور اس بدعتی کی بات کہ اگر یہ تفریق صحابہ کرام کے ہاں واضح نہ ہوتی تو حضرت عمر آپ صلی اللہ علیہ وسلم کی قبر کو چھوڑ کر کسی اور طرف نہ جاتے تو اسے کہا جائے گا اگر اس موقع پر حضرت عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے اعراض کیا ہے تو ان وجوہ کی بناء پر جن کا تفصیل کے ساتھ ذکر ہوا ہے اس کے باوجود دوسرے صحابہ کرام نے ایک اور موقع پر در رسول صلی اللہ علیہ وسلم پر حاضری دی ہے امام دارمی نے اپنی سنن میں کہا ہے کہ ہمیں ابو نعمان نے حدیث بیان کی ہے وہ کہتے ہیں ہمیں ابوالجوزا اوس بن

عبداللہ نے حدیث بیان کی' وہ کہتے ہیں کہ مدینہ منورہ میں شدید قحط پڑا۔ انہوں نے حضرت عائشہ رضی اللہ تعالی عنہا کی خدمت میں شکایت کی تو ام المومنین رضی اللہ تعالی عنہا نے فرمایا روضہ رسول اکرم صلی اللہ علیہ و سلم سے آسمان کی طرف روشندان بناؤ یہاں تک کہ اس کے اور آسمان کے درمیان کوئی چھت نہ رہے۔ تو انہوں نے ایسا کیا شدید بارش ہوئی حتی کہ کونپلیں اگ پڑیں' اور اونٹ موٹے ہو گئے حتی کہ چربی سے پھٹنے لگے' اس لئے اس سال کا نام ''عام الفتق'' رکھا گیا' امام دارمی نے اس کو روایت کیا' اور باب کا عنوان یوں کیا'' باب ما اکرم اللّٰہ نبیہ بعد موتہ (اس چیز کے بارے یہ باب ہے کہ اللہ رب العزت نے اپنے نبی کے وصال کے بعد انہیں کس قدر عزت دی۔) اس کے اسناد میں کوئی کلام نہیں' رہے سعید بن زید اگرچہ ان میں کلام کیا گیا ہے لیکن وہ امام مسلم کے رجال میں سے ہیں ابن معین وغیرہ نے اسی کی توثیق کی ہے اور صاحب مرقاہ المفاتیح شرح مشکوہ المصابیح کے الفاظ بھی سنتے جایئے' وہ کہتے ہیں' کہ قبر النبی صلی اللہ علیہ و سلم کے کھولنے کا سبب یہ تھا کہ قحط کے وقت حضور صلی اللہ علیہ و سلم سے شفاعت طلب کی جاتی تو آسمان بارش برسانا شروع کر دیتا' تو حضرت عائشہ رضی اللہ تعالی عنہما نے قبر انور کھولنے کا اس لئے فرمایا کہ طلب شفاعت میں مبالغہ ہو جائے تاکہ اس کے اور آسمان کے درمیان کوئی حجاب نہ رہے۔ اور ظاہر ہے کہ اس وقت مدینہ منورہ

میں صحابہ کرام اور تابعین عظام کی ایک کثیر تعداد موجود تھی' اور کسی سے منقول نہیں کہ ان میں سے کسی نے اس کا انکار کیا ہو' اور علامہ ابو عبداللہ محمد بن عبدالقادر فاسی عدۃ الحصن الحصین کی شرح میں اس موضوع پر گفتگو کرتے ہوئے فرماتے ہیں بہرحال نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم جو شفاعت عظمیٰ کے مالک ہیں آپ کی موجودگی اور غیابت میں آپ کو وسیلہ بنانا اس میں ذرہ بھر بھی توقف نہیں ہے اور ابن ابی الدنیا نے اپنی کتاب "مجابی الدعاء" میں فرمایا ہے کہ ہمیں ابوہشام محمد بن یزید بن محمد بن کثیر بن رفاعۃ نے بیان کیا وہ کہتے ہیں کہ ایک آدمی عبدالملک بن ابجر (جو بہت بڑے طبیب تھے) کے پاس آیا تو انہوں نے ان کے پیٹ کو ٹٹولہ ' پھر کہا' کہ تمہیں لاعلاج بیماری ہے' انہوں نے کہا کہ وہ کیا ہے فرمایا پیٹ کا کینسر ہے تو وہ آدمی وہاں سے مڑا اور کہا اے اللہ ' میرے رب ' میں تیرے ساتھ کسی کو شریک نہیں کرتا' اے اللہ میں تیری بارگاہ میں تیری رحمت والے نبی محمد صلی اللہ علیہ وسلم کا وسیلہ پیش کرتا ہوں' اے محمد! صلی اللہ علیہ وسلم میں آپ کو آپ کے اور میرے رب کے حضور وسیلہ کے طور پر پیش کرتا ہوں جو کچھ بھی مجھے تکلیف ہے میرا رب مجھ پر رحمت فرمائے' وہ کہتے ہیں دوسری مرتبہ جب طبیب نے چیک کیا تو کوئی بیماری وغیرہ نہیں تھی۔

میں کہتا ہوں کہ ابن ابجر حافظ حدیث تھے۔ اور وہ امام نسائی' ترمذی' ابوداؤد اور امام مسلم کے رجال میں سے ہیں' علاج معالجہ پر پیسے

وغیرہ نہیں لیتے تھے' ان کی امام احمد اور ابن معین وغیرہ نے توثیق کی'
اور ان کے بارے میں تعریفی کلمات کہے'اور اللہ ہی توفیق دینے والا
ہے۔

”خاتمہ“

پہلا مسئلہ:۔ابن تیمیہ نے اپنی کتاب (زیارہ القبور والاستنجاد بالمقبور) میں توسل پر گفتگو کی ہے اور اسے تین قسموں میں تقسیم کیا ہے پہلی اور دوسری قسم میں ذرا لمبی گفتگو کر کے کہا تیسری قسم یوں ہے کہ بندہ کہے اے اللہ فلاں کے واسطہ یا برکت یا حرمت سے جو تیرے ہاں ہے میرا یہ یہ کام کر دے یہ بہت سے لوگ کرتے ہیں حالانکہ کسی صحابی، تابعی اور اسلاف میں سے کسی سے منقول نہیں کہ انہوں نے اس طرح دعا کی ہو اور علماء میں سے کسی کی طرف سے میرے پاس ایسی بات نہیں پہنچی مگر میں نے فقیہ ابو محمد ابن عبدالسلام کے فتاوی میں کچھ اس طرح پڑھا انہوں نے فتوی دیا کہ اگر حضور صلی اللہ علیہ وسلم کے بارے میں حدیث صحیح ہو، تو رسالت مآب صلی اللہ علیہ وسلم کے علاوہ کسی اور کے بارے میں ہر گز جائز نہیں ہے اور استثناء کا مطلب یہ ہے کہ امام نسائی اور ترمذی وغیرہ نے روایت کیا ہے کہ رسالت مآب صلی اللہ علیہ وسلم نے ایک صحابی کو دعا سکھائی کہ اے اللہ میں تجھ سے مانگتا ہوں، اور تیری بارگاہ میں تیرے رحمت والے نبی کا وسیلہ پیش کرتا ہوں۔ یا محمد، یا رسول اللہ، میں اپنے رب کی بارگاہ میں اپنی ضرورت کے لئے آپ کو وسیلہ بناتا ہوں تاکہ اللہ رب العزت میرا کام کر دے، اے اللہ، میرے بارے میں ان کی شفاعت قبول فرما الخ یہ اس کی مراد تھی، اب شوکانی کی طرف آیئے ابن تیمیہ کی تقلید کرتے

ہوئے انہوں نے یہی بات اپنی کتاب (الدر النضید فی اخلاص کلمہ التوحید) میں شیخ عزالدین بن عبدالسلام سے نقل کی وہ ذرا آگے بڑھ گئے انہوں نے ابن تیمیہ کی اس استثناء پر موافقت نہیں کی' بلکہ مناقشہ کیا اور ان کا رد کیا' اور واقعہ یہ ہے کہ اس کے نقل کرنے میں بھی ابن تیمیہ نے غلطی کی کیونکہ عزالدین بن عبدالسلام کا فتوی توسل کے بارے نہیں تھا بلکہ اللہ رب العزت کو مخلوق کے ساتھ قسم دینے کا تھا' ہم ان کے فتوی کے الفاظ کو بعینہ نقل کر دیتے ہیں تاکہ مراد واضح ہو جائے' فتاوی موصیلہ کے الفاظ یوں ہیں تمام تعریفیں اللہ رب العالمین کیلئے ہیں اور اللہ رب العزت کی رحمتیں' ہمارے سردار محمد صلی اللہ علیہ وسلم اور ان کی آل پر ہوں یہ کچھ سوالوں کا مجموعہ ہے جن کے بارے شیخ امام علامہ شیخ السلام عزالدین بن عبدالسلام ابن قاسم بن مہذب السلمی نے جوابات دیئے ہیں اللہ تعالی ان سے راضی ہو' اور ہم پر اور تمام مخلوق پر برکتیں برابر بھیجتا رہے۔

مسئلہ:۔ (اللہ تعالی توفیق دے)' علماء اس دعا کرنے والے کے بارے میں کیا کہتے ہیں جس نے اپنی دعا میں' اللہ تعالی کو اس کی مخلوق میں سے بزرگ ہستی کی قسم دی' جیسا کہ' نبی ولی اور فرشتہ؟ کیا اس کیلئے یہ مکروہ ہے یا نہیں؟ پھر انہوں نے چند سوال ذکر کر کے کہا' تو شیخ رضی اللہ تعالی عنہ نے جواب دیا' جہاں تک دعا کا تعلق ہے بعض حدیثوں میں آیا ہے کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے کسی صحابی کو

دعا سکھائی تو شروع میں فرمایا (قل تم کہو اے اللہ میں تجھے تیرے
رحمت والے نبی محمد صلی اللہ علیہ وسلم کی قسم دیتا ہو) یہ حدیث ہے۔
اگر صحیح ہے تو مناسب یہی ہے کہ رسالت ماب صلی اللہ علیہ وسلم تک
یہ عمل محدود ہو کیونکہ آپ صلی اللہ علیہ وسلم اولاد آدم کے سردار
ہیں اور نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کے علاوہ کسی نبی' فرشتہ اور ولی کی
اللہ رب العزت کو قسم نہیں دی جا سکتی کیونکہ وہ اس مرتبہ پر نہیں
ہیں۔ اور آپ صلی اللہ علیہ وسلم 'درجے کی بلندی اور رفعت مرتبہ کی
بنا پر اس کے ساتھ خاص ہیں یہ ان کے اپنے الفاظ ہیں جنہیں ہم نے
اسے فتاوی موصلیہ سے نقل کیا جو ہمارے سامنے ہے۔ اسی طرح
اصحاب خصائص سے بھی نقل کیا ہے جیسا کہ امام سیوطی امام قسطلانی
وغیرہ وہ اسی سے استدلال کرتے ہیں کہ اللہ تعالی کو حضور صلی اللہ علیہ
وسلم کی قسم دینا آپ صلی اللہ علیہ وسلم کی خصوصیات میں سے ہے
اور یہ بات ہمارے موضوع سے ہٹ کر ہے کیونکہ ہمارا موضوع یہ ہے
کہ اللہ رب العزت کی بارگاہ میں آپ صلی اللہ علیہ وسلم کو وسیلہ بنایا
جائے اس میں کسی قسم وغیرہ کی بات ہی نہیں۔

غلطی نہیں کی

اگر اعتراض کیا جائے کہ امام برزلی نے اپنی کتاب "نوازل" میں
ابن عبدالسلام کے کلام کو نقل کیا ہے اور انہوں نے قسم کو توسل پر ہی
محمول کیا ہے چنانچہ وہ اس موضوع پر گفتگو کرتے ہوئے کہتے ہیں۔

امام عزالدین کا جواب، اللہ رب العزت کو مخلوق کے ساتھ قسم کے بارے میں گذر چکا ہے انہوں نے یہ فتوی دیا کہ مخلوق میں سے رسالت ماب صلی اللہ علیہ وسلم کے بغیر کسی کے ساتھ توسل جائز نہیں اس بارے میں دوسروں کے نظریات کی بات بھی گزر چکی ہے اور جو حکایات اولیاء اللہ کے ساتھ وسیلہ کا سلسلہ میں مذکور ہوئیں زیادہ بہتر ہے۔ کہ انبیاء اور ملائکہ ہی مراد ہوں الخ اس ظاہر کلام سے پتہ چلتا ہے کہ قسم اور توسل ایک چیز کے دو نام ہیں۔ اور امام ابو عبداللہ فاسی کا قول اس بارے میں زیادہ واضح ہے وہ فرماتے ہیں کہ جب قسم سے یمین مراد نہ ہوئی کیونکہ غیر اللہ سے قسم کی ممانعت آ چکی ہے تو اس کا استعمال توسل طلب، شفاعت اور اس میں تاکید کے بغیر کچھ نہ رہا اور اس پر قسم کا اطلاق مجازاً" ہی ہو گا ان تفصیلات کو مد نظر رکھتے ہوئے پتہ چلا کہ ابن تیمیہ کی نقل میں کوئی غلطی نہیں ہے کیونکہ قسم سے مراد توسل ہی ہے۔

غلطی کی ہے

اس کا جواب کئی وجوہ سے دیا جا سکتا ہے۔

ا۔ راجح بلکہ حقیقت میں قسم اور چیز ہے اور توسل اور ہے جیسا کہ خطاب، ابو عبداللہ قصار وغیرہ نے اس پر تصریح کی ہے کیونکہ حقیقی طور پر قسم توسل سے مختلف ہے اور دونوں ایک دوسرے سے جدا ہیں یہ اتنی واضح ہے کہ محتاج بیان نہیں۔

۲۔ جو حضرات قسم کو توسل کے معنی میں مانتے ہیں وہ خود اعتراف کرتے ہیں ایسا مجازی طور پر ہے حقیقی نہیں[1] اور مجاز خلاف اصل ہے انہوں نے اس کا ارتکاب ایک قرینہ کی بنا پر کیا ہے کہ غیر اللہ کی قسم کی ممانعت ہے لیکن اکثر علماء کے نزدیک یہ منع کراہت کے طور پر ہے نہ کہ حرمت کے طور پر' اس کی دلیل فرمان رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم ہے (افلح۔ وابیہ۔ ان صدق) کہ اس کے باپ کی قسم اگر اس نے سچ کہا ہے تو وہ کامیاب ہو گیا اسی طرح کی اور احادیث بھی ہیں۔ اس کے باوجود نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم بھی اس نہی سے

---

[1] یہی وجہ ہے کہ ابو عبداللہ فاسی نے امام عزالدین کی گفتگو کے آخر میں قسم کو اپنے حقیقی معنی پر باقی رکھنے کو راجح قرار دیا ہے چنانچہ وہ فرماتے ہیں (اگر ہم قسم کو توسل پر محمول کریں تو مشکل ہے کیونکہ ابن عبدالسلام نے ایسا کرنے سے منع کیا ہے اور اگر اسے اپنی حیثیت پر باقی رکھیں تو بھی مشکل ہے اور جس چیز سے اشکال دور ہوتا ہے وہ یہ ہے کہ ابن عبدالسلام نے قسم کواپنی حقیقت پر باقی رکھا ہے اس کی تائید اس حدیث سے بھی ہو سکے گی۔ اقسم علیک بمحمد صلی اللّٰہ علیہ وسلم (کہ تمہیں محمد صلی اللہ علیہ وسلم کی قسم دیتا ہوں) اگر حلف بغیر اللہ کی نہی کے لئے اس کا مخصوص ہونا صحیح ہو' باقی کلام معروف اور اس کے مشابہ دوسری کلام میں قسم کو توسل پر محمول کیا جائے تو اس وقت کوئی اشکال نہیں ہے اور اللہ ہی بہتر جانتا ہے۔الخ میں (شیخ غماری) کہتا ہوں کہ حضرت معروف کرخی سے روایت کردہ وہ فرمان یہ ہے جو انہوں نے اپنے شاگردوں کو کہا اذاکانت لکم عنداللّٰہ حاجۃ فاقسموا علیہ بی ای فتوسلوا الیہ بی یعنی جب تمہیں اللہ رب العزت کی بارگاہ میں کوئی حاجت پیش ہو تو میرا وسیلہ پیش کرو۔

مستثنیٰ ہیں امام احمد بن حنبل رحمتہ اللہ علیہ سے ایک روایت ہے کہ انہوں نے حضور صلی اللہ علیہ وسلم کے ساتھ قسم کو جائز اور اسی قسم کے توڑنے کی صورت میں کفارہ واجب قرار دیا ہے کیونکہ اللہ رب العزت نے سرکار دو عالم صلی اللہ علیہ وسلم کی خود قسم کھائی ہے چنانچہ فرمان الٰہی ہے لعمرک انہم لفی سکرتہم یعمھون[۱] یہ اللہ رب العزت کی طرف سے حیات رسول صلی اللہ علیہ وسلم پر قسم ہے، متقدین اور متاخرین مفسرین کرام کی اکثریت کا اس بات پر اتفاق ہے ابن قیم نے کہا بلکہ اسلاف میں سے کسی نے اس تفسیر سے اختلاف نہیں کیا تو آپ صلی اللہ علیہ وسلم اس چیز کے اہل ٹھہرے کہ قسم کھائی جائے دوسری مخلوق سے آپ صلی اللہ علیہ وسلم ہزار ہا درجے بہتر ہیں۔ کہ آپ کی قسم کھائی جائے کیونکہ رسالت مآب صلی اللہ علیہ وسلم کلمہ شہادت کے دو حصوں میں سے ایک حصہ ہیں جب تک آپ صلی اللہ علیہ وسلم کی رسالت کی گواہی نہ ہو انسان کا اسلام ہی مکمل نہیں ہوتا۔ اسی کا ادراک امام عزالدین کو ہوا تو انہوں نے آپ صلی اللہ علیہ وسلم کے ساتھ قسم کو خصائص مصطفیٰ صلی اللہ علیہ وسلم میں شمار کیا، لیکن ابن تیمیہ وغیرہ اسے نہ سمجھ سکے اور ان کے کلام کو

---

[۱] امام سیوطیؒ نے اپنی کتاب (الاکلیل فی استنباط التنزیل) میں اس آیت کریمہ کی وضاحت کرتے ہوئے کہا ہے کہ امام احمد بن حنبل نے اس آیت سے استدلال کیا ہے کہ جس نے نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کی قسم کھائی اس پر کفارہ لازم ہے۔

توسل پر محمول کر بیٹھے

۳۔ امانت علمی کا تقاضا تھا کہ ابن تیمیہ امام عزالدین کی کلام کو بلفظہ نقل کرتے پھر وہ قسم کو توسل پر محمول کرتے جیسا کہ برزلی نے کیا اور قاری پر چھوڑ دیتے کہ وہ ان کی رائے اور ان کے مخالفین کی رائے کے درمیان موازنہ کرتے یا تو وہ کلام امام عزالدین سمجھ کر کہتا کہ انہوں نے توسل کو یقینی طور پر آپ صلی اللہ علیہ وسلم کے خصوصیات میں سے شمار کیا ہے اس طرف توجہ ہی نہ کرتا کہ قسم کو توسل پر محمول کیا جائے یہ ایسی خیانت ہے جس کا کوئی عالم (جو اپنے آپ کو عزت دار سمجھتا ہو' اور اپنی کرامت علمی پر فخر بھی کرتا ہو) ارتکاب نہیں کرتا' بہت درگزر اور چشم پوشی کے باوجود کم از کم اتنا ضرور کہا جائے گا کہ ابن تیمیہ سے غلطی ہوئی ہے۔

ابن تیمیہ کی کتب تناقض سے مالا مال ہیں

دوسرا مسئلہ:۔ ابن تیمیہ نے اپنے فتاوی میں توسل کو خاص طور پر ذکر کیا ہے انہوں نے ۷۱۱ھ میں مصر میں اسے تحریر کیا چنانچہ وہ فرماتے ہیں "منسک مروزی" میں امام احمد سے روایت کردہ ایک دعا نقل کی گئی ہے جس میں آپ صلی اللہ علیہ وسلم سے ایک سوال ہے۔ اور ایک روایت بھی آپ سے کی جاتی ہے جس میں آپ صلی اللہ علیہ وسلم کی قسم کا جواز ہے اور علماء نے دونوں امور میں نہی کو عظیم قرار دیا ہے۔ الخ اور ابن تیمیہ نے اپنی کتاب "قاعدہ جلیلہ" میں اس بیمار آدمی کے

اثر کو بھی ذکر کیا ہے جو عبد الملک بن ابجر کی خدمت میں علاج کے لئے حاضر ہوا۔ پچھلے باب کے آخر میں اس کا تذکرہ ہو چکا ہے اس واقعہ کو بیان کرنے کے بعد کہتے ہیں۔ یہ دعا اور اسی طرح کی اور دعائیں اسلاف سے منقول ہیں اور " منسک مروزی میں بھی امام احمد بن حنبل سے توسل بالنبی کی حدیث روایت کی گئی ہے الخ ذرا غور کیجئے اللہ رب العزت آپ کو توفیق دے ابن تیمیہ نے کیسے اعتراف کیا ہے کہ سلف صالحین اور امام احمد بن حنبل نے بھی اپنی دعاؤں میں نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کو وسیلہ پکڑا ہے پھر ان کی اس بات کا پچھلے مسئلہ سے موازنہ کریں کہ " صحابہ' تابعین' اور اسلاف امت غرضیکہ کسی سے بھی منقول نہیں کہ انہوں نے ایسی دعا مانگی ہو اور علماء میں سے کسی کی طرف بھی میرے پاس کوئی بات نہیں پہنچی جسے بیان کروں' ابن تیمیہ کی کلام میں تناقض واضح ہے اسے بھولیں نہیں پھر اس حدیث کو یاد کریں جسے ہم پہلے بیان کر چکے ہیں کہ ایک آدمی نے حضرت عثمان بن عفان کے پاس کسی کام کے سلسلہ میں حضرت عثمان بن حنیف کے ارشاد سے رسالت ماب صلی اللہ علیہ وسلم کو اپنی دعا میں وسیلہ بنایا پھر قحط کے زمانہ میں حضرت بلال مزنی کا روضہ مصطفیٰ صلی اللہ علیہ وسلم کی طرف بارش کی طلب کے لئے جانا اور حضرت عائشہ ام المومنین رضی اللہ تعالیٰ عنہا کا اہل مدینہ کو ارشاد کہ روضہ مصطفیٰ صلی اللہ علیہ وسلم کو اوپر سے کھولو یہ سب واقعات طلب شفاعت میں موکدات ہیں کہ ابن تیمیہ نے اپنی

تحقیقات میں ایک منصف عالم کا کردار ادا نہیں کیا جو اپنے مخالفین کی آراء کو انتہائی دقت اور امانت کے ساتھ بیان کرے جیسا کہ ابن حزم وغیرہ نے کیا ہے بلکہ مختلف اسلوب سے اس کی کوشش ہوتی ہے کہ اپنے قاری پر اثرانداز ہو اور اسے وہم میں مبتلا کرتا ہے کہ وہ یقین کرلے فقط اسی ہی کی رائے صحیح ہے باقی ساری دنیا غلط کہتی ہے اور اس کی یہ بھی کوشش ہوتی کہ قاری کو ایسی کسی بات کا پتہ بھی نہ چلے کہ صحابہ' تابعین اور اسلاف امت کا کوئی قول ہے جو اس کی پسند کے مخالف ہو اس کے علاوہ ہولناک انداز جو اس نے اپنی کلام میں گھڑ رکھا ہے تاکہ قارئین پر اثر ڈالے کہ اس کی رائے اجماع ہے پھر تھوڑی دیر بعد اعتراف کرتا دکھائی دیتا ہے جس کی اس نے نفی کی تھی اس کا اثبات کرتا ہے اور جس عمارت کے تعمیر کرنے میں اس نے زمین و آسمان کے قلابے ملائے تھے اسے گراتا نظر آتا ہے یہی وجہ کہ ابن تیمیہ کی کتابوں میں بہت زیادہ تناقص ہے اتنا تناقص ہے کہ عہد سابق میں کسی عالم کی کتاب میں ایسا تناقص نظر نہیں آئے گا بلکہ ایک ہی کتاب میں متعدد مقامات پر تناقص ہے ایک جگہ ایک حدیث کو صحیح قرار دے گا جبکہ دوسرے موقع پر کہے گا کہ ضعیف حدیث ہے ایک مسئلہ میں ایک مقام پر اختلاف کی نفی کرے گا۔ جبکہ دوسرے مقام پر کہے گا کہ اس میں اختلاف ہے کیا انصاف پسند علماء کی یہی شان ہوتی ہے؟ اللہ ہی توفیق دے۔

صحابی کے حالات

تیسرا مسئلہ:۔اس حدیث کے راوی صحابی رسول صلی اللہ علیہ وسلم کے حالات زندگی کے بارے میں ہے وہ عثمان بن حنیف (تصغیر کے ساتھ) بن واہب بن عکمی بن شعلبتہ بن حارث بن مجدعتہ بن عمرو بن جیش بن عوف بن عمرو بن عوف من مالک بن اوس انصاری اوسی ان کی کنیت ابو عمرو اور بعض نے کہا کہ ابو عبداللہ ہے امام ترمذی نے فرمایا ہے کہ وہ بدر کی جنگ میں شریک ہوئے تھے لیکن اس کو بیان کرنے میں وہ اکیلے ہیں البتہ جمہور کے نزدیک کہ وہ پہلی لڑائی احد میں شریک ہوئے' ہاں ان کے بھائی سہل بن حنیف بدر کی لڑائی میں شریک ہوئے تھے اس میں کسی کا اختلاف نہیں' امام عسکری کہتے ہیں کہ عثمان 'احد اور بعد کی لڑائیوں میں شریک ہوئے۔ ان کے بھتیجے ابوامامہ بن سہل بن حنیف' عبیداللہ بن عبداللہ' بن عتبہ' عمارہ بن خزیمہ بن ثابت' نوفل بن مساحق اورہانی بن معاویہ الصرفی نے ان سے روایت کیا حضرت عمر فاروق رضی اللہ تعالی عنہ نے ان کو زمین کی پیمائش اور لوگوں پر جزیہ اوراخراج لگانے کے لئے عراق کا والی بنا کر بھیجا حضرت علی کرم اللہ وجہہ الکریم نے ان کو بصرہ کا گورنر بنایا پھر جب حضرت طلحہ اور زبیر رضی اللہ تعالی عنہ بصرہ میں آئے تو انہوں نے ان کو واپس کر دیا' پھر حضرت علی کرم اللہ وجہہ تشریف لائے اور واقعہ جمل رونما ہوا۔ ابن عبدالبر کہتے ہیں کہ علماء نے آثار و اخبار میں ذکر کیا ہے کہ حضرت

عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے صحابہ کرام سے مشورہ کیا کہ سرزمین عراق کی طرف کسے بھیجا جائے تو تمام نے اجماعاً" کہا کہ حضرت عثمان بن حنیف کو بھیجا جائے اور کہا کہ اگر آپ انہیں اس سے بھی اہم کام پر بھیجیں تو وہ صاحب نظر، صاحب عقل، صاحب معرفہ و تجربہ ہیں تو حضرت عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے جلدی سے ان کو عراق کی زمین ماپنے کے لئے عراق کا گورنر بنا کر بھیجا تو انہوں نے زمین کے ہر جریب پر جسے پانی پہنچتا ہو خواہ وہ آباد ہو یا غیر آباد ایک اہم اور ایک درہم اور ایک بوری گندم کی مقرر کی، تو حضرت عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہ کی وفات سے ایک سال پہلے سرزمین کوفہ کا ٹیکس ایک کروڑ سے زیادہ تک پہنچ چکا تھا اور جب حضرت طلحہ اور زبیر رضی اللہ تعالیٰ عنہما کا لشکر بصرہ پہنچا تو اس سے حضرت عثمان بن حنیف کو کچھ پہنچا جس سے ان کے فضل میں اضافہ ہوا الخ حضرت معاویہ کی خلافت کے زمانہ میں کوفہ میں ان کی وفات ہوئی۔ انا للہ وانا الیہ راجعون

چوتھا مسئلہ:۔

ہر صاحب شفاعت سے توسل جائز

حضرت امام ابو عبداللہ فاسی مالکی نے "عدۃ الحصن الحصین" کی شرح میں فرمایا ہے کہ اس پر قیاس کرتے ہوئے (یعنی توسل نابینا والی حدیث) کہا جاتا ہے ہر وہ ذات جس کی شفاعت صحیح ہے اس کا توسل

بھی جائز ہے تو دوسرے انبیاء اور اولیاء بھی شامل ہونگے۔[1]

میں کہتا ہوں دونوں قسم کے توسل کے ثبوت میں احادیث موجود

---

[1] کتاب (نزل الابرار ص ۳۷ کے باب آداب الدعاء میں ہے ان احکام میں سے بارگاہ ایزدی سے انبیاء علیہ الصلواہ والسلام کا وسیلہ پیش کرنا ہے اس پر وہ حدیث بھی دلالت کرتی ہے جو امام ترمذی نے حضرت عثمان بن حنیف سے روایت کی ہے انہوں نے حدیث توسل نابینا ذکر کرنے کے بعد فرمایا ان احکام میں سے ایک صالحین کا وسیلہ لینا ہے اس پر وہ حدیث دلالت کرتی ہے جو صحیح میں ثابت ہے کہ صحابہ کرام نے حضور صلی اللہ علیہ وسلم کے چچا حضرت عباس رضی اللہ تعالی عنہ کے وسیلہ سے بارش طلب کی پھر فرماتے ہیں کہ انبیاء اور صالحین کے توسل کے مسئلہ میں اہل علم نے بہت اختلاف کیا ہے نوبت بایں جارسید کہ ایک دوسرے پر کفرو ضلالت' بدعت و گمراہی کے فتوے لگانے لگے' حالانکہ معاملہ بالکل آسان تھا اس مسئلہ کا کافی حصہ صاحب (الدین الخالص) اورعلامہ شوکانی نے (الدرالنضيد فی اخلاص كلمة التوحيد) میں حل کر دیا ہے جس کا خلاصہ یہ ہے کہ جن صورتوں اور جن شخصیات کے توسل کا ذکر روایات میں آیا ہے اسے انہی صورتوں میں بند رکھیں نہ تو اس پر قیاس کیاجائے گا اور نہ اس میں کوئی چیز بڑھائی جائیگی۔ اس میں کوئی شک نہیں کہ جو خالص اللہ کی رضا کے لئے توسل کا قائل نہیں اس پر کوئی گناہ نہیں اور جس نے توسل کیا اس نے بھی برا کام نہیں کیا بلکہ وہ فی الجملہ جائز ہے اسی طرح اعمال صالحہ کے ساتھ بھی توسل ثابت ہے۔ جس کی طرف پہلے اشارہ ہو چکا ہے بہر حال یہ مسئلہ کسی اضطراب اور شکست و ریخت کا متحمل نہیں لیکن جہالت اور تعصب کے مفاسد اور بغض و عناد کی برائیاں بے شمار ہیں۔ الخ

میں کہتا ہوں (شیخ غماری) جو کچھ اس نے کہا سچ کہا کہ توسل بھی ان دیگر مسائل کی طرح اختلاف کا شکار ہو گیا جو شخص اس کی تحریم اور کراہت کا قائل ہے ہم اس پر الزام نہیں دھرتے' بلکہ ہم تو عام کے توسل وغیرہ کے بالکل موافق نہیں۔ بلکہ ہم تو

ہیں چنانچہ انبیاء کے توسل کے ثبوت میں وہ حدیث بھی ہے جسے طبرانی نے معجم کبیر اور معجم اوسط میں روایت کیا ہے وہ کہتے ہیں کہ ہمیں احمد بن حماد بن زغبہ نے حدیث بیان کی وہ کہتے ہیں کہ ہمیں روح بن صلاح نے حدیث سنائی وہ کہتے ہیں کہ ہمیں سفیان نے عاصم سے روایت کیا اورانہوں نے حضرت انس رضی اللہ تعالی عنہ سے روایت کیا کہ جب حضرت فاطمہ بنت اسد حضرت علی کرم اللہ وجہہ کی والدہ محترمہ رضی اللہ تعالی عنہا کی وفات ہوئی تو رسالت ماب صلی اللہ علیہ وسلم تشریف لائے اور اس کے سرہانے بیٹھ کر فرمانے لگے۔ اے اماں جان اللہ رب العزت آپ پر رحم کرے، میری والدہ محترمہ کے بعد آپ ہی میری ماں تھیں، آپ بھوکی رہتیں لیکن مجھے سیر رکھتیں خود قربانی دے کر مجھے ہی لباس پہناتیں اچھی چیز کھانے سے خود محروم رہتیں اور مجھے کھلاتیں، فقط اللہ تعالی کی رضا اور یوم آخرت کے لئے پھر آپ نے حکم دیا کہ انہیں تین بار غسل دیا جائے، جب کافور ملا پانی پہنچا تو آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے اپنے ہاتھ مبارک سے رکھا اور اپنی

عقیدے کے سوداگروں اور علم کے ٹھیکیداروں کو مورد الزام ٹھہراتے ہیں ان کی تو ایک ہی ناپسند راگنی ہے جس پر ان کی تربیت ہوئی ہے وہ ہمیں بری لگتی ہے وہ ہے مسلمانوں پر کفر کے فتوے اور ان کو شرک کا نشانہ بنانا اوران پر حکم لگانا کہ وہ اسلام سے نکل گئے ہیں لگتا ہے انہوں نے کفرو شرک کی مشین لگائی ہوئی ہے جسے چاہتے ہیں مشرک و کافر بنا دیتے ہیں۔

قمیض اتار کر انہیں پہنائی اور اپنی اوپر والی چادر کو اتار کر ان کو کفن دیا پھر آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے حضرت اسامہ بن زید، ابو ایوب انصاری حضرت عمر بن خطاب اور ایک سیاہ غلام رضی اللہ تعالی عنہم کو قبر کھودنے کا حکم دیا، تو انہوں نے ان کی قبر کھودی جب لحد تک پہنچے تو آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے بنفس نفیس قبر میں اتر کر لحد کھودی اور اپنے دست اقدس سے مٹی باہر نکالی فارغ ہو کر لحد میں داخل ہو کر لیٹ گئے اور فرمایا (اللّٰہ الذی یحی ویمیت وھو حی لایموت اغفر لامی فاطمۃ بنت اسد ولقنھا حجتھا ووسع علیھا مدخلھا بحق نبیک والانبیاء الذین من قبلی فانک ارحم الراحمین (اللہ تعالی وہ ذات ہے جس کے قبضہ قدرت میں موت و حیات ہے وہ زندہ ہے جس پر موت نہیں آنی اے اللہ! میری ماں فاطمہ بنت اسد کو معاف فرما دے، اسے صحیح جواب کی توفیق عطا فرما ان کی قبر ان کے لئے وسیع فرما دے، اپنے نبی اور مجھ سے پہلے انبیاء کے وسیلہ سے بخش دے کیونکہ سب سے بڑا رحیم تو ہی ہے۔) ان پر چار تکبیریں پڑھیں اور آپ صلی اللہ علیہ وسلم اور حضرت ابوبکر رضی اللہ تعالی عنہ نے ان کو قبر میں اتارا اس حدیث کی سند حسن ہے اور حضرت فاطمہ بنت اسد بڑی فضل والی صحابیہ ہیں امام شعبی کہتے ہیں کہ انہوں نے اسلام قبول کیا پھر مدینہ منورہ کی طرف ہجرت کی اور وہیں ان کی وفات

ہوئی، زبیر بن بکار کہتے ہیں کہ وہ پہلی ہاشمیہ خاتون ہیں جنہوں نے ایک خلیفہ کو جنم دیا پھر ان کے بعد حضرت فاطمہ الزہراء رضی اللہ تعالی عنہا۔

دو اہم باتیں

یہاں دو باتیں قابل غور ہیں۔

ا۔ فاطمہ بنت اسد ان فواطم میں سے ایک ہیں جن کا حدیث میں ذکر آیا ہے جسے ابن ابی عاصم نے ابو فاختہ کے واسطہ سے جعدہ بن هبیرہ سے روایت کیا ہے اور حضرت علی کرم اللہ وجہہ سے روایت کرتے ہیں کہ ایک بار ایک ریشم قسم کا کپڑا آپ صلی اللہ علیہ و سلم کی خدمت میں بطور ہدیہ پیش کیا گیا، تو آپ صلی اللہ علیہ و سلم نے فرمایا اے علی! اس کے دوپٹے بنا کر فواطم میں تقسیم کردو وہ کہتے ہیں کہ میں نے اس کے چار دوپٹے بنائے ایک فاطمہ بنت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے لئے دوسرا فاطمہ بنت اسد کے لئے، تیرا فاطمہ بنت حمزہ کے لئے حافظ ابن حجر کہتے ہیں کہ انہوں نے چوتھے کا ذکر نہیں فرمایا شاید وہ فاطمہ زوجہ عقیل کے لئے ہو جو حضرت علی رضی اللہ تعالی عنہ کے بھائی ہیں۔

میں کہتا ہوں کہ ان کا نام فاطمہ بنت شیبہ بن ربیعہ بن عبد شمس العبشمیہ ہے اور بعض حضرات نے کہا ہے وہ فاطمہ بنت عتبہ بن ربیعہ بن عبد شمس العبشمیہ، حضرت معاویہ کی ماں ہند کی بہن ہیں۔

۲۔ فاطمہ بنت اسد وہ فاطمہ نہیں جو بنت ابی اسد مخزومیہ ہیں جن کا ہاتھ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے ایک زیور چوری کرنے کی وجہ سے کاٹا تھا اور ان کا قبیلہ سفارش کے سلسلہ میں بارگاہ رسالت مآب صلی اللہ علیہ وسلم میں حاضر ہوا تھا' حتی کہ انہوں نے حضرت اسامہ بن زید 'جو محبوب رسول' ابن محبوب رسول صلی اللہ علیہ وسلم ہیں' کو بھی سفارش کیلئے بھیجا تھا تو آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے انہیں فرمایا اتشفع فی حد من حدود اللّٰه؟(اے اسامہ تم بھی اللہ کی حدود میں سفارش کرتے ہو؟ تو آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے حد قائم کرنے میں درگزر نہ کیا اور بعض حضرات نے کہا ہے کہ ان کا نام فاطمہ بنت اسود بن عبدالاسد ہے انہوں نے اسلام قبول کیا اور آپ صلی اللہ علیہ وسلم کے ہاتھ پر بیعت کی۔

غیر انبیاء سے توسل

اور غیر انبیاء سے توسل کے بارے بھی احادیث وارد ہوئی ہیں

ا۔امام احمد ' ابن ماجہ اور ابن خزیمہ نے کتاب التوحید اور طبرانی نے الدعاء میں اور ابو نعیم وغیرہ نے حضرت ابوسعید خدری رضی اللہ تعالی عنہ سے روایت کیا ہے کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا جو شخص نماز کے لئے گھر سے نکلا اور اس نے یہ دعا مانگی اے اللہ میں تیری بارگاہ میں سائلین کے واسطہ سے اور ان قدموں کے چلنے کے واسطہ سے سوال کرتا ہوں' میں کسی شر' تکبر' ریا اور شہرت کے لئے نہیں نکلا

میں تیری ناراضگی سے بچنے اور تیری رضا کی طلب کے لئے تجھ سے مانگا کرتا ہوں کہ جہنم کی آگ سے پناہ اور میرے گناہ معاف فرما دے کیونکہ تیرے سوا کوئی اور گناہ معاف نہیں کر سکتا۔ تو اللہ تعالیٰ اپنی رحمت سے اس پر متوجہ ہوتا ہے اور ستر ہزار فرشتے اس کے لئے دعاء مغفرت کرتے ہیں۔

امام نووی نے "الاذکار" میں اسے ضعیف قرار دیا ہے۔ حالانکہ ایسا نہیں بلکہ یہ حسن حدیث ہے جیسا کہ حافظ ابوالحسن بن مفضل المقدسی المالکی' حافظ عراقی اور حافظ ابن حجر عسقلانی نے اس پر تصریح کی ہے۔

۲۔ اس حدیث کا ایک شاہد حدیث بلال ہے جو ابن سنی کی عمل الیوم واللیلہ میں مذکور ہے اور طبرانی کے ہاں باب دعا میں حدیث ابی امامہ ہے جو ارباب خیر کے وسیلہ کا بالعموم فائدہ دیتی ہے۔ جیسا کہ شیخ ابن علان صدیقی نے "شرح الاذکار" میں فرمایا ہے۔ اور طبرانی نے صحیح اسناد کے ساتھ امیہ بن عبداللہ بن خالد بن اسید کے ذریعے سے مرسلاً" روایت کیا ہے کہ رسالت ماب صلی اللہ علیہ وسلم کمزور مسلمانوں کے واسطہ سے طلب فتح کی دعا مانگا کرتے تھے۔ ایک اور روایت میں ہے کہ کمزور مسلمانوں کے وسیلہ سے طلب نصرت کیا کرتے تھے اور حضرت عباسؓ کے وسیلہ سے حضرت عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہ بارش کی دعا مانگا کرتے تھے۔ یہ حدیث پہلے گزر چکی ہے۔

۳۔ امام ابویعلی نے حضرت جابر رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے دو واسطوں سے روایت کیا ہے کہ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا۔ لوگوں پر ایک وقت آئیگا۔ ان کے لشکروں میں سے ایک لشکر نکلے گا تو پوچھا جائے گا کیا تم میں سے ایسا شخص ہے جو محمد صلی اللہ علیہ وسلم کا صحابی ہو؟ تو اس کے وسیلہ سے طلب نصرت کریں تو وہ فتح یاب ہوں گے۔ پھر پوچھا جائے گیا کیا تم میں محمد صلی اللہ علیہ وسلم کا صحابی ہے تو کہا جائے گا۔ نہیں! تب پوچھا جائے گا ان کے صحابی یعنی تابعی ہو؟ اگر انہوں نے سنا کہ وہ سمندر کی دوسری طرف ہے تو وہاں جائیں گے حافظ ہیثمی نے کہا ہے کہ دونوں سندوں کے راوی صحیح کے راوی ہیں۔

۴۔ اوسط' معاجم طبرانی میں حضرت انس رضی اللہ تعالیٰ عنہ کے واسطہ سے روایت ہے کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا زمین چالیس آدمیوں سے ہرگز خالی نہیں رہ سکتی جو خلیل الرحمن کے مثل ہوں گے ان کی موجودگی میں تمہیں بارشیں عطا ہوں گی اور انہیں کے واسطہ سے تم مدد کئے جاؤ گے۔ ان میں سے جب بھی کسی کی وفات ہوتی ہے۔ اللہ رب العزت اس کی جگہ ایک اور بدل عطا فرماتا ہے سعید کہتے ہیں۔ کہ میں نے قتادہ سے سنا وہ کہتے تھے کہ ہمیں بالکل شک نہیں کہ حضرت حسن بصری ان میں سے ہیں۔ حافظ ہیثمی کہتے ہیں کہ اس کی سند صحیح ہے۔ الخ اس حدیث میں رہنمائی ہے کہ ابدال کا وسیلہ پیش کیا جائے اس میں کوئی شک نہیں کہ وہ اولیاء سے ہیں۔ اور

گذشتہ حدیث میں اس بات کا ثبوت ہے کہ صحابہ اور تابعین کے وسیلہ سے طلب نصرت کی جائے۔

پانچواں مسئلہ:۔ان وظائف و اذکار کے بارے میں جو قضاء حاجات کیلئے پڑھے جاتے ہیں میں نے پسند کیا کہ ان پر بھی کچھ گفتگو کرتے ہوئے مکمل فائدے کے لئے ان کو یہاں ذکر کروں۔

ا۔ ان میں سے ایک یہ ہے جسے امام ترمذی' ابن ماجہ' طبرانی اور عبدالرزاق طبسی نے باب (الصلوہ) میں روایت کیا ہے وہ حضرت عبداللہ بن ابی اوفی رضی اللہ تعالی عنہما سے روایت کرتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا(وہ شخص جس کی اللہ تعالی یا کسی انسان کی طرف کوئی ضرورت ہے تو وہ اچھی طرح وضو کر کے دو رکعت نماز نفل پڑھے' پھر اللہ رب العزت کی حمد و ثنا کر کے رسالت ماب صلی اللہ علیہ وسلم پر درود بھیجے پھر کہے اللہ حلیم و کریم کے سوا کوئی معبود نہیں اللہ رب العزت ہر عیب و نقص سے پاک ہے وہ عرش عظیم کا مالک ہے۔ تمام تعریفیں اللہ تعالی کے لئے جو تمام جہانوں کو پالنے والا ہے۔ میں تجھ سے تیری رحمت کے موجبات' تیری مغفرت کے عزائم' ہر نیکی سے غنیمت اور ہر گناہ سے سلامتی مانگتا ہوں' اے ارحم الراحمین میرا ہر گناہ معاف فرما دے۔ میرا ہر غم دور کر دے یا ارحم الراحمین میری ہر حاجت (جس میں تیری رضا ہے) کو پورا کر دے۔ ابن ماجہ نے یا ارحم الراحمین کے بعد ان کلمات کا اضافہ فرمایا ہے (پھر وہ دنیا و آخرت میں

سے جو کچھ مانگے' اس کی ضرورت پوری کی جائیگی) ترمذی نے کہا کہ یہ غریب ہے اور اس کے اسناد میں کچھ کلام ہے۔ حدیث میں "فائد" کو ضعیف شمار کیا جاتا ہے اور "حاکم" نے اسے مختصراً" روایت کیا ہے اوراس کے بعد انہوں نے (وعزائم مغفرتک) (والعصمة من کل ذنب) کے کلمات کو اضافہ کے طور پر ذکر کیا ہے پھر کہا کہ میں نے اس کا شاہد بھی روایت کیا ہے اور فائد مستقیم الحدیث ہیں۔ الخ اور ابن جوزی نے اسے موضوعات میں بیان کیا ہے۔ اور فائد کی وجہ سے اسے کمزور کہا ہے۔ اور حافظ امام سخاوی اس پر گفتگو کرنے کے بعد فرماتے ہیں بہرحال یہ حدیث یقینی طور پر ضعیف ہے اسے فضائل اعمال میں ذکر کیا جاتا ہے ۔ لیکن اس کا موضوع ہونا ثابت نہیں' اس کے اور بہت زیادہ شواہد ہیں' جو بعد میں ذکر کئے جائیں گے۔

۲۔ ان وظائف میں سے وہ ہے جسے امام طبرانی نے باب دعا میں حضرت انس بن مالک رضی اللہ تعالی عنہ سے روایت کیا ہے۔ کہ حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا جب تمہیں کوئی حاجت ہو اور اس میں تمہارا کامیابی کا ارادہ ہو تو یہ پڑھو۔(لا الہ الا اللہ وحدہ لا شریک لہ العلی العظیم لا الا الہ اللہ وحدہ لا شریک لہ رب السماوات والارض ورب العرش العظیم کانہم یوم یرونہا لم یلبثوا الاعشیة اوضحہا کانہم یوم یرون مایوعدون لم یلبثوا الا ساعة من

نہار بلاغ فهل يهلک الا القوم الفاسقون اللهم انی
اسألک موجبات رحمتک وعزائم مغفرتک
والسلامة من كل اثم والغنية من كل بحر والفوز
بالجنة والنجاة من النار اللهم لا تدع لی ذنبا" الا
غفرته ولا هما الا فرجته ولا حاجة هی لک رضاء
الا قضيتها يا ارحم الراحمين) اس کی سند میں ابو معمر عیاذ
بن عبد الصمد ہے۔ جو یقینی طور پر ضعیف ہے۔

۳۔ ان اوراد اور وظائف میں سے وہ بھی ہے جسے اصبہانی نے "الترغیب" میں حضرت انس بن مالک رضی اللہ تعالی عنہ سے روایت کیا ہے کہ آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا اے علی! کیا تمہیں ایسی دعا نہ بتاؤں جب تمہیں کوئی غم یا وہم لاحق ہو تو اس دعا کے ذریعہ سے تم اپنے رب کو پکارو' تو اللہ تعالی کے حکم سے تمہاری دعا قبول کی جائے اور اس غم سے تمہاری کشادگی ہو' تم وضو کر کے' دو رکعت نماز پڑھو اور اللہ رب العزت کی حمد و ثنا کرو' پھر اپنے نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم پر درود پڑھکر' اپنے اور تمام مسلمانوں مرد عورت کے لئے مغفرت طلب کرو پھر یہ پڑھو۔(اللهم انت تحكم لا اله الا اللّٰه
الحليم الكريم سبحان الله رب السماوات السبع
ورب العرش العظيم' الحمد لله رب العالمين'
اللهم كاشف الغم مفرج الهم' مجيب دعوه

المضطرین اذا دعوک رحمن الدنیا والاخرہ ورحیمهما فارحمنی فی حاجتی هذه بقضائها ونجاحها رحمه تغنینی بها عن رحمة من سواک)
اس کا اسناد بھی ضعیف ہے۔

۴۔ اور ان وظائف میں سے وہ ہے جسے دیلمی نے "مسند الفردوس" میں شقیق بن ابراہیم بلخی (جو بہت مشہور عابد ہیں) نے ابو ہاشم سے اور وہ حضرت انس رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے اور وہ حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم سے روایت کرتے ہیں کہ آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا۔

جس شخص کی اللہ رب العزت کی بارگاہ میں کوئی حاجت ہو' تو وہ مکمل وضو کر کے دو رکعت نماز پڑھے' پہلی رکعت میں سورہ فاتحہ اور ایتہ الکرسی جبکہ دوسری رکعت میں سورہ فاتحہ اور آمن الرسول الخ پڑھے پھر تشہد کے بعد سلام کر کے یہ دعا پڑھے (اللهم یا مونس کل وحید ویا صاحب کل فرید ویا قریبا" غیر بعید ویاشاہدا" غیر غائب ویا غالبا" غیر مغلوب' یاحی یاقیوم یاذالجلال والاکرام یا بدیع السماوات والارض اسألک باسمک الرحمن الرحیم الحی القیوم الذی عنت له الوجوه وخشعت الاصوات ووجلت له القلوب من

خشیته ان تصلی علی محمد وعلی آل محمد
وان نفعل بی کذا وکذا) تو اس شخص کی حاجت پوری کی جائیگی
ابو ہاشم کا نام کثیر بن عبداللہ ایلی ہے وہ بالکل متروک الحدیث ہے۔
۵۔ اور ان وظائف میں سے وہ بھی ہے جسے عبدالرزاق طبسی نے اپنی
کتاب ''الصلوۃ'' میں حضرت انس رضی اللہ تعالی عنہ سے روایت کیا
